★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 21 محرم الحرام 1447ھ، 17 جولائی 2025ء، 2 ساون 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 239

وزیراعلیٰ کی نوتعمیر شدہ اور بحالی کی بیوٹیفکیشن ترقیاتی پراجیکٹس شروع کرنے کا فیصلہ

مریم نواز نے افسران کی بیرون ملک رخصت کی منظوری کا اختیار سنبھال لیا، محکموں کے سیکرٹریز سے اختیار واپس، تمام ایکس پاکستان چھٹیاں وزیراعلیٰ کی منظوری سے مشروط

پنجاب کا کوئی شہر اب ترقی کے ثمرات سے محروم نہیں رہے گا 189 شہروں کو لاہور کی طرز پر خوبصورت اور ترقی یافتہ بنائیں گے، مریم نواز



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب ڈویلپمنٹ پلان پر پیش رفت کا جائزہ لینے سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیشرفت پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے فیز ون کی 5643 پراجیکٹ میں سے 2593 پراجیکٹ مکمل ہو چکے ہیں۔ لاہور میونسپل کارپوریشن کی 3705 میں سے 2274 منصوبے (بقیہ نمبر 16)

وزیراعلیٰ کا چھت گرنے اور کرنٹ سے اموات پر اظہار افسوس، تحقیقات کا حکم

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور میں پیش آنے والے دو افسوسناک حادثات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ان سانحات میں ٹھوکر نیاز بیگ کے علاقے میں چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے (بقیہ نمبر 18)

پاکستان اور چین میں میڈیا شراکت داری کا نیا باب، اہم معاہدہ طے پا گیا

سیکرٹری اطلاعات عبرین جان اور چین کے نیشنل ریڈیو اینڈ ٹیلی ویژن ایڈمنسٹریشن کے رکن اور وائس منسٹر ڈونگ شن نے دستخط کیے

دونوں ممالک کے مابین معاہدے کا مقصد میڈیا کے میدان میں مہارتوں کا تبادلہ اور اشتراک کو بڑھانا ہے

تیانجن (این این آئی) پاکستان اور چین نے سمعی و بصری اور نشریاتی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے کے لیے ایک اہم معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں، جس کا مقصد میڈیا کے میدان (بقیہ نمبر 25)



وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

ترقی ہر سرکاری ملازم کا بنیادی حق قرار، سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم

کوئی افسر ترقی کا اہل ہو تو اسے ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ترقی دی جا سکتی ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سرکاری ملازمین کی ترقی سے متعلق اہم فیصلہ سناتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ہر سرکاری ملازم کو پرفارمنس پرموشن کے لیے زیر (بقیہ نمبر 26)

وفاقی کابینہ اجلاس

وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کا اعلان

جھوٹا تاثر پیدا کرنے کی اجازت نہیں: وزیراعظم

وزیراعظم کی محرم الحرام کی مجالس کے پرامن انعقاد پر پوری پاکستان قوم، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور وزیر داخلہ محسن کو مبارکباد

ہر دو ماہ بعد وزارتوں کی کارکردگی کو جانچا جائے گا، اچھی کارکردگی پر شاباش، خراب پر تادیبی کارروائی ہو گی، شہباز شریف کا وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی کابینہ نے ای او بی آئی پنشنرز کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کی منظوری دے دی، اضافے (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سٹاک ایکسچینج انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کو سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر (بقیہ نمبر 21)



نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ، سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے چینی وزیر خارجہ وانگ یی سے ملاقات کر رہے ہیں

متعدد دہشتگرد حملوں میں ملوث بدنام زمانہ خارجی ہلاک، ورثاء لاش لینے سے انکار

حمید اللہ نے جو دہشتگردانہ حملے کیے، وہ ہمارے عقیدے، اسلام اور انسانیت کے سراسر خلاف ہیں، والد کا بیان

وانا (خبر نگار) معرکہ حق و باطل میں ایک اور خارجی اپنے انجام کو پہنچا دیا گیا ہے۔ سکیورٹی فورسز نے جنوبی وزیرستان میں بھارت کی سرپرستی میں چلنے والی دہشتگرد تنظیم فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کے خلاف کامیاب آپریشن کے دوران بدنام زمانہ دہشتگرد حمید اللہ کو ہلاک کر دیا۔ حمید اللہ پا (بقیہ نمبر 19)



لاہور: چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد سندس فاؤنڈیشن لاہور کے دورے کے موقع پر ہیموفیلیا میا اور خون کی دیگر بیماریوں میں مبتلا بچوں میں تحائف تقسیم کر رہی ہیں

علی امین گنڈاپور کی عمران خان سے کوئی ملاقات نہیں ہوئی، ترجمان وزیراعلیٰ کے پی

پشاور (این این آئی) ترجمان وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا فراز مغل نے کہا ہے (بقیہ نمبر 28)

متعدد دہشتگرد حملوں میں ملوث بدنام زمانہ خارجی ہلاک، ورثاء کا لاش لینے سے انکار

وانا (این این آئی) معرکہ حق و باطل میں ایک اور خارجی اپنے انجام کو پہنچا دیا گیا ہے۔ سکیورٹی فورسز نے جنوبی وزیرستان میں بھار (بقیہ نمبر 29)

ڈی آئی خان، قتنہ الہندوستا کے دہشتگردوں کی فائرنگ، 2 پولیس اہلکار شہید

پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کر کے شہید کرنے والے دہشت گردوں کی پولیس کے گھیرے سے بھاگنے کی کوشش بھی ناکام ہو گئی

خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو سلام ہے، شہید پولیس اہلکاروں کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں، محسن نقوی

ڈیرہ اسماعیل خان (خبر نگار) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں یادگاری چوکی کے قریب فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کر کے شہید کرنے والے دہشت گردوں کی پولیس کے گھیرے سے بھاگنے کی کوشش بھی ناکام ہو گئی۔ پولیس کے مطابق پولیس کی جوابی فائرنگ کے نتیجے میں ایک دہشت گرد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔ ہلاک دہشت گرد کے قبضے سے کلاشنکوف مع ایمو (بقیہ 22)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی چینی ہم منصب سے ملاقات: سی پیک اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال

تیانجن (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے چینی ہم منصب سے اہم ملاقات کی ہے، جس میں سی پیک اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ 23 نمبر)

شمالی وزیرستان کے زرمک سب ڈویژن میں ایک روز کیلئے کرفیو نافذ

کرفیو صبح 5 بجے سے لیکر شام 7 بجے تک جاری رہے گا جبکہ احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

شمالی وزیرستان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے زرمک سب ڈویژن میں ایک روز کیلئے بدھ کو کرفیو نافذ ہے۔ یاد رہے کہ میڈیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ضلعی انتظامیہ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جار (بقیہ نمبر 27)

جس دن اپوزیشن جماعتوں کے پاس ایک ممبر بھی زیادہ ہوگا تحریک عدم اعتماد لا سکتے ہیں، گورنر کے پی

پشاور (این این آئی) گورنر (بقیہ نمبر 31)

دوحا، غزہ جنگ بندی مذاکرات کی کامیابی کے لیے ثالثوں نے کوششیں تیز کر دیں

دوحا (این این آئی) ایک ہفتے سے زیادہ دنوں سے جاری دوحا مذاکرات کے باوجود عملاً مذاکرات کا ابھی (بقیہ نمبر 32)

خیبر پختونخوا کے عوام اب مریم نواز جیسے متحرک اور زمینی وزیراعلیٰ کے منتظر ہیں

خیبر پختونخواہ میں اربوں کے اسکینڈلز روز کا معمول بن چکے، عوام گنڈاپور کی کارکردگی سے سخت مایوس ہیں، جیل میں سہولیات کا شور مچانے والوں کو اپنا باورچی، مخصوص مینیو اور ورزش کی سہولت دستیاب ہے

بڑی پارٹی کے بانی اس قدر بے بس ہو چکے ہیں کہ اب وہ اپنے ہی ٹویٹس کی ری ٹویٹ کے لیے منتیں کرتے نظر آتے ہیں، سلمان اکرم راجہ کی عالیہ حمزہ کے بارے گفتگو کا انداز سخت گیر تھا نیدار جیسا تھا، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جیل میں سہولیات کا شور مچانے والے درحقیقت غیر معمولی آسائشوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، جہاں ان کے لیے علیحدہ باورچی، مخصوص مینیو اور روزانہ کی ورزش جیسی سہولیات میسر ہیں، بڑی پارٹی کے بانی اس قدر بے بس ہو چکے ہیں کہ اب وہ اپنے ہی ٹویٹس کی ری ٹویٹ کے لیے منتیں کرتے نظر آتے ہیں، جو سیاست نہیں بلکہ مکمل بے بسی کی علامت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہاں روزانہ اربوں روپے کے نئے اسکینڈلز جنم لیتے ہیں اور عوام گنڈاپور کی کارکردگی سے سخت (بقیہ نمبر 30)



اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بیجنگ پولیس کے اعلیٰ سطحی وفد کے ساتھ گروپ فوٹو

صوبے بھر میں سرپلس اساتذہ کی ریشنلائزیشن کی اجازت، مریم نواز کا اہم فیصلہ

اب 47 ہزار نہیں، صرف 25 ہزار اساتذہ کی ریشنلائزیشن ہوگی، پسندیدہ سٹیشن کی سہولت

اساتذہ کو ترجیحی بنیاد پر ان کے پسندیدہ اسٹیشن کے انتخاب کا اختیار بھی دیا جائے گا

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں سرپلس اساتذہ کو دیگر اسکولوں میں منتقل کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ یہ اقدام محکمہ سکول ایجوکیشن کی ریشنلائزیشن پالیسی کے تحت اٹھایا گیا ہے جس کا مقصد ضرورت مند اسکولوں میں تدریسی عملے کی فوری فراہ (بقیہ نمبر 17)

کلی مروت: پنجاب جانیوالی گیس پائپ لائن کو دھماکے سے اڑا دیا گیا

کلی مروت (این این آئی) کلی مروت کے علاقے وانڈا امیر میں بیٹنی آئل فیلڈ سے پنجاب جانے والی مین گیس پائپ لائن کو نامعلو (بقیہ نمبر 34)

کمیشن فار دی پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پریکٹیشنرز میں خاتون صحافیوں کی نمائندگی کا فیصلہ

شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت سندھ کمیشن فار دی پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پریکٹیشنرز کا اجلاس ہوا

کراچی (این این آئی) کمیشن فار دی پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پریکٹیشنرز میں خاتون صحافیوں کو نمائندگی دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی (بقیہ نمبر 35)

کراچی میں یوم آزادی فرانس (بیسٹیل ڈے) کی پروقار تقریب، فرانس اور پاکستان کی دوستی کا جشن

194 میں فرانس وہ پہلا غیر مسلم ملک تھا جس نے پاکستان کو تسلیم کیا اور دفاعی تعاون کا آغاز کیا، قونصل جنرل

تقریب میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیراعلیٰ مراد علی شاہ، شرجیل انعام میمن اور وزیر بلدیات سعید غنی سمیت دیگر اہم مہمان شریک

کراچی (این این آئی) فرانس کے یوم آزادی (بیسٹیل ڈے) کی مناسبت سے 14 جولائی 2025 کو قونصل جنرل فرانس الیکسس شا (بقیہ نمبر 33)

فیس بک نے ایک کروڑ جعلی پروفائلز ڈیلیٹ کر دیں

کراچی (این این آئی) فیس بک نے 2025 کے پہلے نصف میں ایک بڑی احتسابی کارروائی کے تحت تقریبا 1 کروڑ جعلی پروفائلز حذف کر دی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ جعلی پروفائلز معروف صارفین یا مواد تخلیق کرنے وا (بقیہ نمبر 37)

پنجاب بھر میں 20 غیر زگ زیگ اینٹوں کے بھٹے مسمار، 36 بھٹوں کو سیل کیا گیا

مریم اورنگزیب

787 صنعتی یونٹس کا معائنہ، 28 یونٹس کو سیل، 4 یونٹس کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، 40 مقدمات درج کیے گئے اور بھٹہ مالکان پر 15 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے

پنجاب بھر میں ممنوعہ پلاسٹک بیگز کے استعمال کے خلاف مہم بھی جاری ہے اور 11 جولائی 2025 تک 3055 شہریوں نے ماحول دوست طرز زندگی اپنانے کا عہد کیا

صوبہ بھر میں 20 غیر زگ زیگ اینٹوں کے بھٹے مسمار کیے گئے، 36 بھٹوں کو سیل کیا گیا، 40 مقدمات درج کیے گئے اور بھٹہ مالکان پر 15 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ صنعتی آلودگی کے خلاف بھی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اس دوران 787 صنعتی یونٹس کا معائنہ کیا گیا جن میں (بقیہ نمبر 39)

لاہور (زیڈ این این) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صاف اور شفاف ماحولیاتی نظام کے قیام کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ای پی اے پنجاب نے اسموگ اور فضائی آلودگی کے تدارک کیلئے 7 تا 11 جولائی 2025 کے دوران سخت کارروائیاں کیں۔ اس دوران

مصر میں پبلک ٹرانسپورٹ بس کارشوروم میں گھس گئی

قاہرہ (این این آئی) مصر میں سوشل میڈیا پر ایک وڈیو کلپ نے ہنگامہ مچا دیا، جس ایک پبلک ٹرانسپورٹ کی بس کو کارشو روم کے (بقیہ نمبر 41)

قاہرہ میں سہ فریقی اجلاس میں غزہ میں جنگ بندی کی پرغور، مصر کا اہم پیش رفت کا دعویٰ

مصر، قطر اور اسرائیل کے نمائندوں کی ملاقاتیں، انسانی امداد اور جنگ بندی کے ٹکا (بقیہ نمبر 42)

اردن میں الاخوان کے غیر قانونی مالیاتی نیٹ ورک نے 3 کروڑ دینار جمع کیے

تحقیقات میں انکشاف

عمان (این این آئی) اردنی حکام نے ایک تفصیلی تحقیق میں انکشاف کیا ہے کہ کالعد (بقیہ نمبر 43)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور کینیا کے ہائی کمشنر E.H. پیٹر NjiruMbogo تحائف کا تبادلہ کر رہے ہیں

سابق وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کو ریلیف، احتساب عدالت کا فیصلہ معطل

لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے نیب کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ذاتی حاضری سے استثنا بھی دے دیا

لاہور / راولپنڈی (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے احتساب عدالت کا فیصلہ معطل کر دیا۔ عدالت نے پرویز الٰہی کو نیب عدالت میں ذاتی حاضری سے بھی استثنا دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی (بقیہ نمبر 40)

عمران خان، غلام سرور نے پی آئی اے کو قبرستان بنا حکومت کروا رہی ہے، خواجہ آصف

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی اکثریت پی آئی اے کے ذریعے سفر کرتی ہے، پابندی کے خاتمے سے خاص طور پر برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو سہولت حاصل ہوگی، وزیر دفاع

غلام سرور خان نے اپنے ہی ادارے پر الزام لگایا، جس کے نتیجے میں پی آئی اے پر بین الاقوامی پابندی عائد کی گئی

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان اور سابق وزیر ہوابازی غلام سرور خان کے غیر ذمہ دارانہ فیصلوں نے قومی ایئر لائن پی آئی اے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، جس پر اب حکومت کارروائی کرے گی، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ا (بقیہ نمبر 45)

سعودی عرب عالمی مرکز بننے کی راہ پر گامزن، ای گیمز میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے الیکٹرانک کھیلوں (ای اسپورٹس) کو صرف تفریحی سرگرمی کے بجائے ایک منافع بخش معاشی میدان کے طور پر اپنایا ہے۔

کسی اداکار کو کوئی پریشانی ہے تو خود کو اکیلا نہ سمجھیں ہم موجود ہیں، فیصل قریشی کا

اداکارہ عائشہ خان اور حمیرا اصغر کے ایثال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام

فیصل قریشی کی اس ویڈیو پر تبصرے کرتے ہوئے ان کی اس کوشش کو خوب سراہا جا رہا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کے اداکار اور میزبان فیصل قریشی نے انڈسٹری کے تمام فنکاروں کیلئے اہم ویڈیو پیغام جاری کر دیا۔ فیصل قریشی نے اپنے ویڈیو پیغام میں ساتھی فنکاروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ کسی بھی قسم کی پریشانی میں مبتلا ہیں تو خود کو اکیلا نہ سمجھیں اور ان سے رابطہ کریں



لاہور: سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے رکن پنجاب اسمبلی محمد احمد خان لغاری ملاقات کر رہے ہیں

غزہ میں کوئی جگہ بھی محفوظ نہیں رہنے دی گئی، یونیسیف ترجمان

ہر روز فلسطینیوں کی بڑی تعداد میں ہلاکتیں ہو رہی ہیں، عرب ٹی وی سے گفتگو

غزہ (این این آئی) غزہ میں کوئی فلسطینی محفوظ نہ کوئی جگہ محفوظ رہی ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ کے ادارے یونیسیف کے ترجمان روزالیا بولین نے روز ایک انٹرویو میں کہی۔ یونیسیف (بقیہ نمبر 36)



برطانیہ کا خفیہ منصوبہ، 33 ہزار افغان باشندوں کی خاموش منتقلی کی تیاری

فوجی معاونین کی زندگی خطرے میں، ڈیٹا لیک سے طالبان کو حساس معلومات پہنچنے کا اندیشہ

ان افراد نے ماضی میں برطانوی اور مغربی افواج کے ساتھ تعاون کیا تھا ا

لندن (این این آئی) برطانوی حکومت ایک خفیہ منصوبے کے تحت افغانستان سے 33 ہزار افغان شہریوں کو برطانوی سرزمین پر منتقل کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ ان افراد نے ماضی میں برطانوی اور مغربی افواج کے ساتھ تعاون کیا تھا اور اب ان کی جانوں کو شدید خطرہ لاحق ہے۔ برطانوی (بقیہ نمبر 38)

عمران خان اور پی ٹی آئی کو قبرستان بنا حکومت کروا رہی ہے، خواجہ آصف

خواجہ آصف



وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ اور ثقافت ڈویژن اورنگزیب خان کھچی سے پاکستان میں ویتنام کے سفارت خانے میں اکنامک اینڈ کلچرل ڈپلومیسی کے سیکنڈ سیکرٹری اور سربراہ مسٹر کوانگ ان کے دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر قابو کیلئے نئی وزارت بنانے کا فیصلہ

پنجاب حکومت نے پرائس کنٹرول کیلئے نیا محکمہ تشکیل دینے کا عندیہ دے دیا، "دی پنجاب پرائس کنٹرول آف ایسنشیل کموڈیٹیز ایکٹ" 2024 میں ضروری ترامیم کی جائیں گی

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے صوبے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر مؤثر کنٹرول اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے نئی وزارت تشکیل دینے کا اصولی فیصلہ کر لیا ہے۔ اس حوالے سے ''دی پنجاب پرائس کنٹرول آف ایسنشیل کموڈیٹیز (ترمیمی) بل "2025 پنجاب اسمبلی کے حالیہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ ترمیمی بل کے تحت "دی پنجاب پرائس کنٹرول آف ایسنشیل کموڈ (بقیہ نمبر 44)

حکومت تحریک میں پھوٹ ڈالنا چاہتی ہے: مسرت چیمہ

موقع ہے کہ اختلافات بھلا کر بانی تحریک کی کال پر متحد ہو کر کردار ادا کیا جائے

پی ٹی آئی کی مضبوطی جعلی حکمرانوں کے اقتدار کے خاتمے کا باعث بنے گی

لاہور (زیڈ این این) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پارٹی کی حالیہ تحریک کے اعلان کے بعد پی ٹی آئی کی قیادت کو پہلے سے بڑھ کر اتحاد اور یگانگت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ایک باقاعدہ منصوبے کے تحت پارٹی میں دراڑ ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے، جس سے تمام رہنماؤں کو چوکنا رہنا چاہیے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کی مضبوطی جعلی حکمرانوں کے اقتدار کے خاتمے کا باعث بنے گی، اسی لیے حکو (بقیہ نمبر 46)

وفاقی وزیر برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام محترمہ شازہ فاطمہ خواجہ سے کوریا کے چارج ڈی افیئر زمسٹر پارک جیلارک نے ملاقات

برطانیہ نے پاکستانی ایئر لائنز پر عائد پابندیاں ختم کر دیں، ہائی کمشنر کی تصدیق

پاکستان کو برطانیہ کی ایئر سیفٹی فہرست سے نکال دیا گیا، وزیراعظم شہباز شریف کی پاکستانی ایئر لائنز پر برطانیہ میں پابندی کے خاتمے پر مبارکباد

تمام پاکستانی فضائی کمپنیاں برطانیہ کے لیے پروازوں کی اجازت حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتی ہیں، برطانوی ہائی کمشنر

لندن / اسلام آباد (خبر نگار) برطانیہ نے پاکستانی ایئر لائنز پر عائد پابندیاں ختم کر دیں جس کی تصدیق برطانوی ہائی کمشنر نے کر دی۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے تصدیق کی ہے کہ پاکستان کو برطانیہ کی ایئر سیفٹی فہرست سے نکال دیا گیا ہے، اب تمام پاکستانی فضائی کمپنیاں برطانیہ کے لیے پروازوں کی اجازت حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔ برطانوی ہائی کمشنر کے مطابق برطانیہ کی ایئر سیفٹی کمیٹی نے پاکستان میں فضا (بقیہ نمبر 47)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



پرتگال چین کے ساتھ تجارتی نظام کی شراکت داری کو وسعت دینے کا خواہش مند ہے: صنعتی رہنما

لزبن (شٹرنیوز) پرتگال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سیکرٹری جنرل برنارڈو میندرا نے کہا ہے کہ پرتگال۔ چائنہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (سی سی آئی اے ایم سی) تیسری چائنہ انٹرنیشنل سپلائی چین نمائش (سی آئی اس سی ای) میں پہلی بار شرکت کرے گی جین کے ساتھ تجارتی نظام کی شراکت داری کو گہرا کرنے کا خواہش مند ہے۔ میندرا 16 سے 20 جولائی تک بیجنگ میں منعقد ہونے والی اس سال کی سی آئی اس سی ای نمائش میں پرتگال کے وفد کی قیادت کر رہے ہیں، نے شنوا کے ساتھ ایک حالیہ انٹرویو میں نے کہا کہ یہ ایونٹ دو طرفہ تعاون کے لئے ایک نہایت تجارتی پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک نمائش نہیں بلکہ یہ چین اور پرتگال کے لئے اپنے اقتصادی اور تجارتی تعاون کو گہرا کرنے اور تجارتی نظام کی شراکت داری کو وسعت دینے کا ایک اہم موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے الاقوامی تجارتی نظام کو اس وقت بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں بڑھتی ہوئی تحفظ پسندی، رسد کے نظام میں خلل اور جغرافیائی سیاسی تبدیلیاں شامل ہیں۔ سی سی آئی اس سی کے نقطہ نظر سے میندرا نے کہا کہ سی آئی اس سی ای اسی طے مل، کاروباری نمونوں اور تعاون پر مبنی شراکت داری کو فروغ دینے کا ایک منفرد پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال نمائش میں پرتگال کی شرکت کی کافی دلچسپی ہے۔



صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سے امریکی قونصل جنرل کرسٹر ماکنز ملاقات کر رہی ہیں اس موقع پر سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ اور دیگر بھی موجود ہیں

امریکی قونصل جنرل کی صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ سے ملاقات

ملاقات میں سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ اور ڈپٹی سیکرٹری انسانی حقوق رضوانہ نوید بھی موجود تھے

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے وفد کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی وژنری قیادت میں حکومت پنجاب کی جاری اقدامات سے آگاہ کیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور و انسانی حقوق، سردار رمیش سنگھ اروڑہ سے امریکی قونصل جنرل لاہور کرسٹن ماکنز اور امریکی سفارتخانہ کے نمائندگان جان ان، آسٹی اور نکل کھپ پال نے ان کے دفتر میں ملاقات کی جبکہ اس اہم ملاقات میں سیکرٹری انسانی حقوق فرید احمد تارڑ اور ڈپٹی سیکرٹری انسانی حقوق رضوانہ نوید بھی موجود تھے۔ ملاقات میں اقلیتوں کے حقوق، بین المذاہب ہم آہنگی، تعلیم، مذہبی سیاحت اور ہیلتھ ٹرانسپورٹ کے مختلف پہلوؤں پر باہمی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے وفد کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی وژنری قیادت میں حکومت پنجاب کی جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اقلیتوں کے لیے مساوی حقوق اور مواقع کی فراہمی کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیا اور جانچ و پڑتال کے نظام کو مزید شفاف بنانے کے لیے ای گورننس نظام کو متعارف کرایا۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کے مقدس مقامات کے تحفظ و توسیع کے لیے اقلیتی امور کے محکمہ کو مزید فعال بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی مذہبی و ثقافتی تنوع کو مذہبی سیاحت کے فروغ کا ایک اہم ذریعہ قرار دیا اور سکھ، ہندو اور دیگر برادریوں کے مقدس مقامات کے تحفظ و توسیع کے لیے اقلیتی امور کے محکمہ کو مزید فعال بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی مذہبی سیاحت کے فروغ کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔ بالخصوص پرسادہ دوست یاتریوں کے بارے میں بتایا جن میں ملازمتوں میں کوٹہ، تعلیمی وظائف، اور عبادت گاہوں کی مرمت کے لیے گرانٹس شامل ہیں۔ انہوں نے پنجاب کی مذہبی و ثقافتی تنوع کو مذہبی سیاحت کے فروغ کا ایک اہم ذریعہ قرار دیا اور سکھ، ہندو اور دیگر برادریوں کے مقدس مقامات کے تحفظ و توسیع کے لیے اقلیتی امور کے محکمہ کو مزید فعال بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 17 جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کا ڈی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ

انہوں نے ہسپتال میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، ایمرجنسی اور مختلف شعبوں، وارڈز اور فارمیسی کو چیک کیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، ایمرجنسی اور مختلف شعبوں، وارڈز اور فارمیسی کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈاکٹر مختار سرور نیازی کو کہا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے صفائی کے بہترین انتظامات کے ساتھ ساتھ ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی کا عمدہ معیار برقرار رکھنے کا حکم دیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ہسپتال میں مریضوں سے ملاقات کی اور دی جانے والی سہولیات کے بارے دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال آنے والے مریضوں سے بھی سروس ڈیلوری کے بارے معلومات لیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں موجود فارمیسی کا معائنہ کیا اور مفت ادویات سے متعلق آگاہی لی۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف شعبوں اور وارڈز کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات اور انتظامی امور کے بارے میں بریفنگ لی اور اس امر کی تاکید کی کہ تمام شعبوں کی کارکردگی کا مطلوبہ معیار برقرار رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر چکوال نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق چکوال کی عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی اور اگر سرکاری افسران اور ملازمین عوامی فلاح و بہبود کے کاموں میں رکاوٹ کا باعث بنیں گے تو ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بشپ اقبال دانش کی سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہباز احمد کو چارج سنبھالنے پر مبارکباد



فیصل آباد (الیاس انجم چھٹہ) سی ایم ایس مشنری بشپ اقبال دانش نے سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہباز احمد سے ملاقات کی اور اُن کو چارج سنبھالنے پر مبارک باد دی ملاقات میں درجہ چہارم کے غریب کرسچن ملازمین کو درپیش مسائل اور ان کے تدارک بارے سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہباز احمد سے تبادلہ خیال کیا گیا ڈاکٹر شہباز احمد نے بشپ اقبال دانش کو یقین دلایا کہ یہ صرف درجہ چہارم بلکہ ضلع بھر جتنے بھی مذہبی اقلیتی ملازمین ہیں ان کے مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور ان کے حل کے لئے ہر ممکن وسائل کو بروکار لاتے ہوئے حل کیا جائے گا بشپ موصوف و دیگر ممبرز نے ڈاکٹر شہباز احمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پھولوں کا بوکا پیش کیا

خان راجہ امجد نور کے ہونہار صاحبزادے کی کیڈٹ کالج کلر کہار سے میٹرک کے امتحان میں شاندار کردگی



چکوال (ایم ایوب سلطانی) خان راجہ امجد نور کے ہونہار صاحبزادے نے کیڈٹ کالج کلر کہار سے میٹرک 2025 میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 1100/935 نمبر حاصل کیے! اس نمایاں کامیابی سے انہوں نے اپنے والد محترم خان راجہ امجد نور اور تایا محترم خان راجہ محمد آصف کا نام فخر سے روشن کیا۔

پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ سے مہنگائی مزید بڑھے گی۔ شیراز بٹ

عام پاکستانی شدید پریشانی میں مبتلا ہے۔ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایک ماہ کے دوران پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں 15 روپے سے زائد اضافہ سے جہاں پہلے سے مہنگائی کے شکار عام پاکستانیوں کی جہاں معاشی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے وہیں اب پیٹرولیم مصنوعات میں بڑے اضافے سے عام ضروریات زندگی کی خریداری سمیت ماہانہ بجٹ میں بھی اضافہ سے مہنگائی کا طوفان آئیگا۔ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ شیراز بٹ نے پیٹرولیم مصنوعات میں حکومت کی جانب سے ایک ماہ میں دوبار بڑے اضافہ کے اثرات اور مہنگائی بارے اپنے جاری میڈیا بیان میں کہا کہ پہلے ہی ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے برآمد کنندگان و ٹریڈرز حکومت کی معاشی پالیسیوں سے نالاں احتجاج کر رہے ہیں اب پیٹرولیم مصنوعات میں حالیہ اضافوں کیوجہ سے شہریوں کی مالی مشکلات وڈائیورژن بجٹ میں بھی اضافہ ہوگیا ہے حکومت عام پاکستانیوں کی زندگی اجیرن نہ بنائے اور سستی بجلی، پیٹرول سمیت چینی و اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کی بجائے کمی کر کے عام پاکستانیوں مہنگائی سے ریلیف دے۔

جہلم میں مزدوروں کو سوشل سیکورٹی کارڈز کی 100 فیصد فراہمی یقینی نہ بنائی جاسکی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میں مزدوروں کو سوشل سیکورٹی کارڈز کی 100 فیصد فراہمی یقینی نہ بنائی جاسکی۔ آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی بیشتر مزدور سوشل سیکورٹی کارڈ سے محروم ہیں۔۔ سوشل سیکورٹی کارڈ نہ ہونے سے 70 فیصد سے زائد مزدور علاج معالجہ کی سہولت سے فائدہ اٹھانے سے قاصر۔ ہیں مدور رہنما حاجی محمد افضل نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع جہلم کے مزدوروں کو سوشل سیکورٹی کارڈ جاری کرنے کے معطل زمہ داران کا پابند بنایا جائے تاکہ غریب طبقہ سے تعلق رکھنے والے تخت لخت محت کی سہولیات سے مستفید ہوسکیں

اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ عمر سرور نے مین بازار چوآسیدن شاہ کا اچانک دورہ کیا

دورے کے دوران مختلف دکانوں پر ریٹ لسٹ چیک کی گئی



چکوال (ایم ایوب سلطانی) اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ عمر سرور نے مین بازار چوآسیدن شاہ کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران مختلف دکانوں پر ریٹ لسٹ چیک کی گئی، جہاں متعدد دکانداروں کی جانب سے اشیاء مہنگے داموں فروخت کرنے کا انکشاف ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہی بھاری جرمانے عائد کیے اور تمام دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی کہ نرخ نامے کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔

جہلم پریس کلب کے صحافیوں کا پیکا ایکٹ پر اظہار تشویش

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے صحافیوں نے پیکا ایکٹ پر اظہار تشویش کرتے ہوئے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ۔ پیکا ایکٹ سے آزادی اظہار رائے کو دبا دیا گیا ہے جہلم سمیت ملک بھر کے صحافیوں نے پیکا ایکٹ کو پہلے ہی آئین پاکستان سے متصادم قرار دیا کیونکہ اس وقت صحافی پاکستان بھر میں ڈر اور خوف کے ماحول میں اپنی صحافتی ذمہ داریاں آزادانہ طریقے سے انجام نہیں دے پا رہے جہلم پریس کلب کے صحافی بھی نیشنل پریس کلب اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کے موقف کی مکمل تائید کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار چیرمین جہلم پریس کلب چوھدری عابد محمود صدر میڈیا ورکرز بیگ، صدر ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹ چوھدری مہربان سین سرپرست اعلیٰ ڈیجیٹل میڈیا انیس الرحمن بٹ نے اپنے ایک پریس نوٹ میں کیا۔

پیرا پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اظہر حمید بھٹی

تجاوزات و ذخیروں اندوزی سے عام شہری پریشان ہیں۔ معروف بزنس مین



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کیجانب سے پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی پیرا کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ گرانفروشی، مصنوعی مہنگائی، ناجائز تجاوزات، زخیرہ اندوزی و قبضہ گروپس کلچر کا قلعہ قمعہ ہونے کیساتھ عام پاکستانیوں کو دہائیوں سے قائم فرسودہ نظام سے نجات ملے گی۔ ان باتوں کا اظہار کسی نے سرکاری جائیداد پر ناجائز قبضہ کیا ہے تو پیرا ہیلپ لائن 154 پر کال کر کے شکایت درج کروا سکتے ہیں جس کے بعد شکایت کنندہ کا نام صیغہ راز میں رکھتے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی فوری انضباطی قانونی کاروائی عمل میں لائیگی

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا سیوریج کے پانی کا جائزہ لینے کیلئے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ضروری مشینری کو زیر استعمال لاتے ہوئے بارشی پانی کے فوری نکاس کے لیے انتظامات کیے جائیں



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے بارش کی صورتحال اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ضروری مشینری کو زیر استعمال لاتے ہوئے بارشی پانی کے فوری نکاس کے لیے انتظامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ شہر کے جن نشیبی علاقوں میں بارش کا پانی جمع ہے وہاں جنریٹر موڑیں لگا کر نکاسی آب کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے شہر کے مین سیم نالہ کی صفائی کی بھی ہدایت کی۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال کے دورہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی اور دیگر طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے فوارہ چوک، کلمہ چوک، جلالپور روڈ، گوجرانوالہ روڈ اور وینکے روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں ایم سی کی جانب سے بارشی پانی کو نکاس کے لیے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایم سی اکرام اللہ سندھو نے بتایا کہ ایم سی کے تمام ڈسپوزل ورکس اسٹیشن ہیوی مشینری اور موٹروں کے ساتھ کام کر رہے ہیں شہر کے مختلف نشیبی علاقوں، سڑکوں اور دیگر مقامات سے سکر مشینوں کے زریعے بارشی پانی کو نکالا جا رہا ہے اس کے علاوہ گیارہ مقامات پر موٹریں لگا کر بارشی پانی کے نکاس کا انتظام کیا گیا ہے انکا کہنا تھا کہ سحری سے لیکر ابتک ایم سی کے تمام سینٹری ورکرز فیلڈ میں نکاسی آب کے کاموں میں مصروف ہیں اور میں خود بھی شہر بھر سے بارشی پانی کو نکالنے اور دیگر ضروری کاموں کی نگرانی کر رہا ہوں اور مختلف مقامات پر جا کر نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لے رہا ہوں تاکہ ہر وہ جگہ جہاں بارش کا پانی جمع ہے اسے فوری طور نکالا جاسکے۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ ایڈمنسٹریٹر ایم سی حمد اللہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر گورائیہ اور ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران نے بھی مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ وگجرات نوید احمد کا جی ٹی روڈ اور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

دورے کے دوران انہوں نے مختلف مقامات پر موجود ویسٹ مینجمنٹ عملے سے ملاقات کی اور ان کی کارکردگی کا معائنہ کیا



گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ وگجرات نوید احمد کا جی ٹی روڈ اور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، صفائی ستھرائی اور برساتی پانی کی نکاسی کے موثر انتظامات کی ہدایت۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ وگجرات نوید احمد نے آج جی ٹی روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا تاکہ حالیہ بارشوں کے بعد صفائی ستھرائی اور برساتی پانی کی نکاسی کے انتظامات کا جائزہ لیا جاسکے۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف مقامات پر موجود ویسٹ مینجمنٹ عملے سے ملاقات کی اور ان کی کارکردگی کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ شہری علاقوں میں صفائی اور نکاسی آب کا تسلسل برقرار رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے صفائی اور سیوریج کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت بھی کی۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ شہری علاقوں میں صفائی اور نکاسی آب کا تسلسل برقرار رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا سیوریج کے پانی کا جائزہ لینے کیلئے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ضروری مشینری کو زیر استعمال لاتے ہوئے بارشی پانی کے فوری نکاس کے لیے انتظامات کیے جائیں



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے بارش کی صورتحال اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ضروری مشینری کو زیر استعمال لاتے ہوئے بارشی پانی کے فوری نکاس کے لیے انتظامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ شہر کے جن نشیبی علاقوں میں بارش کا پانی جمع ہے وہاں جنریٹر موڑیں لگا کر نکاسی آب کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے شہر کے مین سیم نالہ کی صفائی کی بھی ہدایت کی۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال کے دورہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی اور دیگر طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے فوارہ چوک، کلمہ چوک، جلالپور روڈ، گوجرانوالہ روڈ اور وینکے روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں ایم سی کی جانب سے بارشی پانی کو نکاس کے لیے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایم سی اکرام اللہ سندھو نے بتایا کہ ایم سی کے تمام ڈسپوزل ورکس اسٹیشن ہیوی مشینری اور موٹروں کے ساتھ کام کر رہے ہیں شہر کے مختلف نشیبی علاقوں، سڑکوں اور دیگر مقامات سے سکر مشینوں کے زریعے بارشی پانی کو نکالا جا رہا ہے اس کے علاوہ گیارہ مقامات پر موٹریں لگا کر بارشی پانی کے نکاس کا انتظام کیا گیا ہے انکا کہنا تھا کہ سحری سے لیکر ابتک ایم سی کے تمام سینٹری ورکرز فیلڈ میں نکاسی آب کے کاموں میں مصروف ہیں اور میں خود بھی شہر بھر سے بارشی پانی کو نکالنے اور دیگر ضروری کاموں کی نگرانی کر رہا ہوں اور مختلف مقامات پر جا کر نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لے رہا ہوں تاکہ ہر وہ جگہ جہاں بارش کا پانی جمع ہے اسے فوری طور نکالا جاسکے۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ ایڈمنسٹریٹر ایم سی حمد اللہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر گورائیہ اور ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران نے بھی مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔

سنی تنظیم القراء کے زیر اہتمام استاد القراء ممتاز عالم دین القاری محمد شریف کھرل کی یاد میں ادارہ جامعہ حنفیہ نظامیہ میں دعائیہ تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا

علماء امہ ہی اسلامی اقدار و تشخص کے علمبردار ہیں نسل نو کو اقدار اسلام کا درس اور رجوع الی القرآن کا پیغام اہم ضرورت ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) سنی تنظیم القراء کے زیر اہتمام استاد القراء ممتاز عالم دین القاری محمد شریف کھرل کی یاد میں ادارہ جامعہ حنفیہ نظامیہ میں دعائیہ تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر سے علماء مشائخ 'مفتیان' مدیران و ناظمین مدارس کرام کی بھر پور شرکت اور ان کی تدریس القرآن نسل نو کے سینوں کو نور قرآن سے مزین کرنے کی دینی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر داعی اتحاد امہ علامہ محمد ریاض کھرل نے صدارتی خطاب میں کہا کہ علماء امہ ہی اسلامی اقدار و تشخص کے علمبردار ہیں نسل نو کو اقدار اسلام کا درس اور رجوع الی القرآن کا پیغام اہم ضرورت ہے اہل علم قرآن سے محبت قرب الٰہی کا اور فلاح دارین کا بہترین ذریعہ ہے صاحبزادہ سید محمد منصور الحق 'قاری محمد عاشق نعیمی 'علامہ شاہد پیر محمد طاہر 'مولانا ملازم حسین 'مفتی مختار قاری غلام مصطفیٰ نعیمی 'پیر محمد صدیق الرحمن 'صاحبزادہ محمد احمد 'صاحبزادہ محمد بارون چشتی 'صاحبزادہ محمد اظہار الحق شاہ و دیگر مقررین نے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے ناقابل تسخیر قلعے ہیں اور یہ علوم نبانی اسوہ رسول پاک پہنچانے والے متبلغین اسلام محیکیدار نہیں قاصد و چوکیدار ہیں اسلام و پاکستان کے لیخلاف مذموم ارادوں کو ملی یکجہتی سے ناکام بنا دیا ہے علمائے حق کا تاج تخت محراب و منبر ہے پاک فوج کے شہداء علمائے کرام ملک و قوم کا بیمتی اثاثہ ہیں استاد القراء کی جدوجہد دین کی تحسین مزید آگے بڑھانے کا عہد کرتے ہیں اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی ارض فلسطین و کشمیر کی آزادی شہداء مرحومین امہ کی بلندی درجات استاد القراء کی مغفرت پر رقت آمیز مناظر تھے۔

ڈی پی او عبداللہ احمد کی ہدایت پر پولیس تحفظ مرکز کی جانب سے ٹرانسجینڈرز کو باعزت روزگار کی فراہمی کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری

ٹریفک پولیس، تحفظ مرکز کے اشتراک سے ٹرانسجینڈرز کیلئے پولیس ڈرائیونگ سکول میں کلاسز شروع کر دی گئیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی او عبداللہ احمد کی ہدایت پر پولیس تحفظ مرکز کی جانب سے ٹرانسجینڈرز کو باعزت روزگار کی فراہمی کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ٹریفک پولیس تحفظ مرکز کے اشتراک سے ٹرانسجینڈرز کیلئے پولیس ڈرائیونگ سکول میں کلاسز شروع کر دی گئیں۔ ٹرانسجینڈرز کو ٹریفک قوانین، روڈ ٹیکٹی کے حوالے سے آگاہی دی جا رہی ہے۔ ٹریفک پولیس کے انسٹرکٹر ٹرانسجینڈرز کو ڈرائیونگ سکلز سکھا رہے ہیں۔ ڈی ایس پی ٹریفک خرم شہزاد نے ڈرائیونگ سکول کا وزٹ کیا اور ٹرانسجینڈرز کی کلاس کو لیکچر دیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ٹرانسجینڈرز کو باعزت روزگار کی فراہمی کیلئے مفت ڈرائیونگ سکھائی جا رہی ہے۔ ڈرائیونگ سیکھنے کے ساتھ ہی ٹرانسجینڈرز کے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے جائیں گے۔

اس سال پاکستان کی شوگر انڈسٹری نے تقریباً چھ ارب 6000000000 کلوگرام چینی تیار کی

اس وقت چینی کی قیمت میں چالیس سے پچاس روپے فی کلو کا اضافہ ہو چکا ہے۔ اگر ہم چھ ارب کو پچاس سے ضرب دیں تو یہ تین سو ارب روپے بنتے ہیں

فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) اس سال پاکستان کی شوگر انڈسٹری نے تقریباً چھ ارب 6000000000 کلوگرام چینی تیار کی۔ اس وقت چینی کی قیمت میں چالیس سے پچاس روپے فی کلو کا اضافہ ہو چکا ہے۔ اگر ہم چھ ارب کو پچاس سے ضرب دیں تو یہ تین سو ارب روپے بنتے ہیں۔ اگر ہم اس رقم کو ڈیجٹ میں لکھیں تو وہ بس اتنی سی بنے گی۔ 000,000,000,00,3 یاد رکھیں ریلوے، ماضی میں، GTS وغیرہ فلاپ ہو کر کہ یہ شوگر ملوں کا وہ چھکا ہے ہو روٹین کے منافعے کے علاوہ لگا ہے۔ ہاں، برسبیل تذکرہ بتاتا چلوں کہ تقریباً 90% شوگر ملیں یا تو براہ راست سیاست دانوں کی ملکیت ہیں یا ان کے فرنٹ مین مالک ہیں۔ یہ بھی یاد دلاتا چلوں کہ یہ واحد انڈسٹری ہے جس نے کبھی گھاٹے یا زوال کا منہ نہیں دیکھا۔ ورنہ پاکستان اسٹیل مل، گھڑے لائن لگ چکے ہیں!

ملک بھر میں مون سون کی بارشوں کا سلسلہ جاری

فیروز والہ میں چند گھنٹوں کی بارش نے فیروز والہ کو ڈبو دیا گلیاں اور بازار ندی نالوں کا منظر پیش کر رہی ہیں



فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) ملک بھر میں مون سون کی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے فیروز والہ میں چند گھنٹوں کی بارش نے فیروز والہ کو ڈبو دیا گلیاں اور بازار ندی نالوں کا منظر پیش کر رہی ہیں رانا ٹاؤن۔ برج اٹاری۔ رچنا ٹاؤن بارہ دری روڈ کوٹ عبدالمالک اور دیگر علاقوں میں کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہے انتظامیہ کی نااہلی کھل کر سامنے آگئی

اسلام آباد ہائی کورٹ کے توہین مذہب کیس کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں: پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری

سپریم کورٹ میں جا کر غلامی رسول کا ثبوت دے نیز قوم گستاخان رسول کو نشان عبرت بنائے: پروفیسر حمزہ مصطفائی



عارف والا (نامہ نگار) اسلام آباد ہائی کورٹ کے توہین مذہب کیس کے فیصلے کو مسترد کیا جاتا ہے حکومت اس بے بنیاد فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ میں جا کر غلامی رسول کا ثبوت دے نیز قوم گستاخان رسول کو نشان عبرت دیکھنا چاہتی ہے ان خیالات کا اظہار جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی نائب ناظم اعلیٰ پروفیسر حمزہ مصطفائی صوبائی امیر پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری اور جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے ترجمان ملک محمد اکرم کھوکھر نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے حالیہ فیصلے پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا عدالت عالیہ کے انصاف پرور انسان نے مدعا علیہ ایاز یعنی محمد اطیف ختم نبوت کو سنے بغیر فیصلہ جاری کر دیا ہے یہ فیصلہ انصاف کے تقاضوں کے بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی ہے ہم چیف جسٹس آف پاکستان اور چیف جسٹس اسلام آباد سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ ملک کے اندر فساد اور انارکی پیدا کرنے اور گستاخی کے مرتکب مجرمین کو دائمہ یا ناہ انسٹ تحفظ فراہم کرنے کے اس اقدام کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے جسٹس سردار اعجاز الحق اور انکے معاونین کو قانون اور آئین کے مطابق سپریم جوڈیشل کونسل میں طلب کر کے آئین کے مطابق ان کی سزا مقرر کی جائے ہم امید کرتے ہیں کہ انصاف کی بالادستی کو یقینی بنانے اور ملک میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔

شدید بارشوں کے باعث جمع ہونے والے پانی کی نکاسی کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک

جہلم (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر جہلم نعیم عباس کی زیر نگرانی جہلم شہر میں موسم برسات کی شدید بارشوں کے باعث جمع ہونے والے پانی کی نکاسی کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک، پمپس لگا دیے گئے ڈی واٹرنگ مشینوں سے پانی کی نکاسی کا سلسلہ جاری، متعلقہ افسران موقع پر موجود، تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر حالیہ موسم برسات میں شدید بارشوں کی پیشگوئی کے بعد گزشتہ رات سے جاری مسلسل بارش کے باعث جہلم شہر میں اربن فلڈنگ کو نپٹنے کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی جہلم نے بھرپور کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق ایم جلسی کیمپ مختلف مقامات پر قائم کر دیے گئے ہیں جبکہ شہر میں جمع ہونے والے بارشی پانی کی نکاسی کے لیے ڈیواٹرنگ مشینوں کا مسلسل استعمال کیا جا رہا ہے جبکہ بڑی تعداد میں سینٹری سٹاف فیلڈ میں کام کر رہا ہے اسسٹنٹ کمشنر جہلم شمس الرحمن اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی عثمان گوندل پانی کی نکاسی کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں جبکہ منیج سوریے ڈپٹی کمشنر جہلم نعیم عباس نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں بارشی پانی کے جمع ہونے سے پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے جلد از جلد نکاسی آب کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

صحافت ایک باوقار اور ذمہ دار شعبہ ہے: صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے سینئر صحافی صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی نے کہا ہے کہ صحافت ایک باوقار اور ذمہ دار شعبہ ہے جسے درست معلومات، تحقیق، توازن اور دیانتداری کے اصولوں پر چلانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو چاہیے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر مطالعہ کریں، تحقیقی صحافت کی طرف آئیں اور درست اعداد و شمار کے ساتھ خبریں ترتیب دیں۔ عامر کیانی کا کہنا تھا کہ زبان و بیان، خبر نویسی کے اصول، اور موجودہ ملکی و بین الاقوامی حالات پر گہری نظر رکھنا ہر صحافی کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی کے اس دور میں ڈیجیٹل ذرائع کا صحیح استعمال سیکھنا بھی صحافیوں کیلئے وقت کی اہم ضرورت ہے۔

20 ویں صدی میں اٹھنے والی اسلام دشمن تحریکوں میں سے خطرناک ترین تحریک قادیانیت ہے: سید شفاعت رسول

قادیانی ازم سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر جو نقصان اسلام کو پہنچایا ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دارالعلوم نوریہ رضویہ بغدادی جامع مسجد گبرک اے کے مہتم سید شفاعت رسول نے کہا 20 ویں صدی میں اٹھنے والی اسلام دشمن تحریکوں میں سے خطرناک ترین تحریک قادیانیت ہے جو اپنے وجود میں آنے سے لے کر اب تک دین حق کے ساتھ نبرآزما ہے قادیانی ازم سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر جو نقصان اسلام کو پہنچایا ہے وہ کسی اور نے نہیں پہنچایا قادیانیت کے ناپاک عزائم کا سد باب کرنے کے لیے اور اس کے تدارک کے لیے دارالعلوم نوریہ رضویہ میں 15 واں سالانہ 3 روزہ رد قادیانیت کورس کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس میں پاکستان کے نامور علما کرام 19 جولائی کو سید محمد سعید الحسن، پروفیسر عرفان محمود برق، علامہ سوہنا ماہی چشتی شاہ لیکچر دے گئے جس کی صدارت یوسف نقشبندی اور مہمان خصوصی سید طاہر شاہ بخاری ہوں گے 20 جولائی کو پروفیسر محمد الیاس اعظمی، پروفیسر بدیع الزمان، علامہ خادم حسین خورشید الازہری لیکچر دے گئے صدارت سید فرخ صابری اور مہمان خصوصی پروفیسر محمد عبدالقوی بغدادی، حاجی غلام رسول ہوں گے 21 جولائی کو مفتی شوکت علی سیالوی، علامہ خان محمد قادری، علامہ خواجہ غلام دستگیر فاروقی لیکچر دیں گے صدارت علامہ اشفاق علی چشتی اور مہمان خصوصی حاجی امین قادری و شیخ محمد ارشد ہوں گے انھوں نے مزید کہا کورس مکمل فری ہے اور خواتین کے لیے پردے کا مکمل انتظام ہوگا بیرون شہر سے آنیوالے حضرات کے لیے مکمل رہائش (قیام و طعام) کا انتظام ہوگا اور کورس کے آخر پر شرکا کو کورس کو اسناد بھی دی جائیں گی

فیسکو جھنگ سرکل کی ریکوری میں ریجن بھر میں شاندار کارکردگی

ماہ جون میں 88.116 فیصد ریکوری کر کے ریجن بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی



جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو جھنگ سرکل

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

تحریک انصاف کا مستقبل

مخصوص نشستوں کے فیصلے کے بعد حکمران جماعت کی پارلیمانی پوزیشن مستحکم ہوئی ہے۔ ایسے میں تحریک انصاف کا یہ خواب پورا ہوتا دھندلی نہیں دیتا کہ وہ موجودہ حکومت کو کسی احتجاج یا سول نافرمانی کے ذریعے ہٹا لے گی۔ یا کسی بھی طور حکومت کو عمران خان کی رہائی پر آمادہ کر لے گی۔ ایسے میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کا مستقبل کیا ہے اور کیا یہ جماعت مستقبل کی سیاست میں فیصلہ کن کردار ادا کر سکے گی؟

اس سوال کا جواب خود پی ٹی آئی کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ اگر پارٹی قیادت اپنی ساری صلاحیت اور قوت عمران خان کو رہا کرانے اور احتجاج کے ذریعے نظام معطل کرنے کی خواہش کی تکمیل پر ہی صرف کرتی رہی تو اس کا نتیجہ بھی ماضی قریب میں پیش آنے والی ناکامی ہی کی طرح نکلنے کا امکان ہے۔ البتہ اگر پارٹی لیڈر احتجاج کے ساتھ اپنا پارلیمانی کردار ادا کرنے اور حکومت کے ساتھ مواصلت کا کوئی طریقہ تلاش کرنے میں کامیاب ہو سکے تو پھر پاکستانی عوام میں پارٹی کی مقبولیت کو کسی حد تک برقرار رکھا جا سکے گا جو کسی آئندہ انتخابات میں اسے سیاسی طاقت کے طور پر موجود رکھے گی۔ اس کے برعکس اگر احتجاج ہی واحد آپشن ہے اور پارٹی عمران خان کی رہائی سے بڑھ کر کسی معاملہ پر غور کرنے ہی کے لیے تیار نہیں ہوگی تو یہ خود ہی اپنی سیاسی اہمیت و حیثیت کھوتی چلی جائے گی۔ حکومت و دیگر مخالف سیاسی قوتیں بھی اس عمل کو تیز کرنے میں کردار ادا کریں گی۔

اب لاہور کے ایک فارم ہاؤس میں پارٹی رہنماؤں کا اجلاس ہو رہا ہے جس میں 5 اگست سے شروع ہونے والے احتجاج کے حوالے سے حکمت عملی بنائی جائے گی لیکن پارٹی کے 'ڈی' چیئرمین بیرسٹر گوہر علی نے کہا ہے کہ احتجاج کے بارے میں حقیقی فیصلہ عمران خان ہی کریں گے۔ پارٹی لیڈر ابھی تک یہ باور کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے کہ اگر سارے فیصلے اڈیالہ جیل سے ہی ہونے ہیں تو انہیں تنگ و دو کرنے، میڈیا شو میں اپنی موجودگی کا احساس دلانے اور بے سر و پا بیانات کا سلسلہ جاری رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ یوں بھی پارٹی کی جو قیادت اس وقت متحرک و فعال دکھائی دیتی ہے، اس میں ہر لیڈر خود کو عمران خان کا معتمد خاص سمجھتا ہے اور دوسرے کسی لیڈر کی حیثیت کو ماننے پر آمادہ نہیں ہوتا۔ لیڈروں کا ایسا گروہ کسی سیاسی پارٹی کو منظم کرنے کی صلاحیت سے محروم رہتا ہے۔

اب تک تحریک انصاف کی کل قوت عمران خان کی پبلک اپیل اور مقبولیت پر استوار ہے۔ اس بارے میں حامی و مخالف اپنے اپنے اندازے قائم کر سکتے ہیں۔ یہ کہنا بے حد مشکل بلکہ ناممکن ہے کہ گزشتہ سال کے انتخابات کے بعد تحریک انصاف کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے یا کمی واقعہ ہوئی ہے۔ تحریک انصاف کا کوئی بھی لیڈر یہی دعویٰ کرے گا کہ تحریک انصاف کو عوام کی سو فیصد حمایت حاصل ہے گویا ان کے نزدیک مخالف سیاسی پارٹیوں کا کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ بس فوج نے من مانی کر کے اور تحریک انصاف کو نیچا دکھانے کے لیے ایک کٹھ پتلی حکومت قائم کی ہوئی ہے جسے نہ تو عوام میں قبولیت حاصل ہے اور نہ ہی اسے اقتدار میں حصہ ملتا ہے۔ بس عہدوں کا پروٹوکول ہی ان کی کل اوقات ہے۔ اس کے ساتھ ہی تحریک انصاف کے بعض لیڈر یہ دعویٰ کرتے بھی دکھائی دیتے ہیں کہ پاکستانی عوام تو پی ٹی آئی کو بیس سال تک اقتدار میں دیکھنا چاہتے ہیں لیکن اسٹیبلشمنٹ نے راستہ روکا ہوا ہے۔

اس قسم کے دعووں سے تحریک انصاف کی جمہوریت کے ساتھ وابستگی کو نقصان پہنچتا ہے۔ پارٹی کی طرف سے اسٹیبلشمنٹ سے بات چیت پر اصرار اور سیاسی پارٹیوں کے ساتھ رابطوں سے انکار سے بھی یہی تاثر قوی ہوتا رہا ہے کہ تحریک انصاف بھی درحقیقت اقتدار کے لیے تگ و دو کر رہی ہے، اس کا مسائل حل کرنے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

عمران خان کی شخصی مقبولیت کے علاوہ پی ٹی آئی کی کل سیاست سوشل میڈیا پر مہم جوئی پر استوار ہے۔ بدقسمتی سے اس مہم جوئی میں بے بنیاد، غلط اور گمراہ کن ہی نہیں بلکہ مخالفین کے لیے نفرت کی بنیاد پر مہمات چلائی جاتی ہیں اور یک طرفہ طور سے ملک میں تقسیم گہری کر کے سیاسی مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ عمران خان کی مسلسل حراست اور سوشل میڈیا پر حکومت کی بڑھتی ہوئی گرفت کے باعث اب یہ دونوں عوامل پارٹی کو سیاسی طور سے مقبول یا فعال رکھنے میں اہمیت کھونے لگیں گے۔

کوئی بھی سیاسی پارٹی تنظیم سازی اور گراس روٹ کی بنیاد پر پارٹی اسٹرکچر کے ذریعے لوگوں کو متحرک رکھنے سے ہی قوت پاتی ہے۔ خاص طور سے اگر کوئی بڑی سیاسی پارٹی طویل عرصہ تک اقتدار سے محروم رہے اور وہ احتجاج کو ہی اپنی کامیابی کی واحد امید سمجھتی ہو تو اس کے لیے صرف مختلف الخیال لیڈروں کو جمع کرنا یا جیل میں بند قائد سے ملاقات کی باریاں لینے والوں کا ہجوم ہی کافی نہیں ہوتا۔ بلکہ اس پارٹی کو پارٹی کا ڈھانچہ استوار کرنے اور ہر قسم کے حالات میں ایسے پارٹی فورمز مضبوط و منظم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جو بروقت اور موثر فیصلے کر سکیں۔ البتہ تحریک انصاف کی تان اسی ایک فقرے پر آ کر ٹوٹتی ہے کہ 'آخری فیصلہ' تو عمران خان ہی کریں گے۔

90 روزہ احتجاج کا غیر واضح منصوبہ

پاکستان تحریک انصاف نے 90 دن کی احتجاجی تحریک چلانے اور عمران خان کی رہائی تک چین سے نہ بیٹھنے کا اعلان کیا ہے۔ خیبر پختون خوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے اس بار آر یا پار کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ '90 دن کے بعد فیصلہ کریں گے کہ سیاست کرنی بھی ہے یا نہیں۔ اگر سیاست سے کام نہیں بننا تو پھر نئے لائحہ عمل سے آگاہ کر دیا جائے گا'۔

اسی پریس کانفرنس میں تحریک انصاف کے لیڈر نے 'فیصلہ سازوں' سے بات چیت کی پیش کش دہرائی ہے اور کہا ہے کہ عمران خان نے واضح پیغام دیا ہے کہ ہم بات چیت کے لیے تیار ہیں۔ لیکن یہ بات چیت فیصلہ سازوں یعنی فوج کے ساتھ ہوگی۔ کیوں کہ تحریک انصاف کے خیال میں ملک پر حکمران سیاسی قیادت بے اختیار ہے جو نہ تو ملک کو درپیش مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور نہ ہی پی ٹی آئی کے ساتھ بات چیت میں کوئی اقدام کرنے کی اہل ہے۔ اس لیے تحریک انصاف صرف ان عناصر سے ہی بات کرے گی جو ملک پر حکمران ہیں اور بادشاہ گر بنے ہوئے ہیں۔

علی امین گنڈا پور کی دھواں دار تقریر سے ملک میں سیاسی ماحول میں ایک نیا جوش و ولولہ پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہاں تک کہ انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران بظاہر پاکستانی عوام سے مخاطب ہو کر دعویٰ کیا کہ 'ڈرا غلام بننا ہے تو یہ نظام چلنے دو۔ اور اگر آزاد ہونا ہے، بچوں کو آزادی و خود مختاری دلانی ہے تو ہمارے ساتھ مل جاؤ۔ اور حقیقی جمہوریت و آزادی کے لیے ہمارا ساتھ دو'۔ تاہم کچھ عوامل علی امین گنڈا پور کے بلند بانگ دعووں سے تال میل نہیں رکھتے۔

ایک طرف تحریک انصاف 90 روزہ احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کر چکی ہے تو دوسری طرف پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن کے 26 ارکان کی معطلی کے بارے میں کسی مفاہمت کے لیے تحریک انصاف کے اپوزیشن لیڈر ملک احمد خان اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے بات چیت کر رہے تھے۔ اجلاس کے بعد ان کا کہنا تھا کہ 'آج ہماری اور حکومتی اراکین کے درمیان ہونے والی گفتگو کافی مثبت رہی۔ میٹنگ میں سامنے آنے والے نکات کو اپنی پارلیمانی پارٹی کے سامنے رکھیں گے۔ اگلے تین سے چار روز میں ایک اور سیشن کا انعقاد کیا جائے گا'۔ گویا علی امین گنڈا پور جس نظام کو گرانے کے لیے عوام کو اکسانے کی کوشش کر رہے ہیں، اسی نظام کو فعال بنانے کے لیے پی ٹی آئی کے ارکان پنجاب اسمبلی کسی مفاہمت کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایک ہی پارٹی کے ان دو رخوں کو دیکھ کر کوئی بھی اندازہ کر سکتا ہے کہ احتجاج اور آر یا پار کی باتیں الفاظ کی جگالی سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتیں۔

تحریک انصاف ایک طرف 'آر یا پار' والا احتجاج شروع کر چکی ہے جس کا آغاز علی امین گنڈا پور کے الفاظ میں گزشتہ روز یعنی 12 جولائی سے ہو چکا ہے۔ یہ مدت 10 اکتوبر کو ختم ہو جائے گی۔ گویا ہر گزرنے والے دن کے ساتھ تحریک انصاف کے پاس کسی حتمی فیصلہ تک پہنچنے کے لیے وقت کم ہوتا چلے جائے گا۔ اس کے باوجود پارٹی کے پاس نہ احتجاج کا کوئی منصوبہ ہے اور نہ ہی احتجاجی حکمت عملی کے بارے میں کوئی ٹھوس پلان پیش کیا گیا ہے۔ ان حالات میں جو لوگ علی امین گنڈا پور کی اپیل پر احتجاج کرنا بھی چاہیں گے، انہیں بھی معلوم نہیں ہوگا کہ انہوں نے اپنا احتجاج کیسے رجسٹر کرانا ہے۔



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

پریس کانفرنس کے دوران ہی علی امین گنڈا پور نے احتجاج کی نوعیت و طریقے کے بارے میں خود ہی بے یقینی کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ 'پورے پاکستان میں ہر گلی، کوچے، قصبے اور شہر سے لوگوں کو اکٹھا کریں گے۔ پھر فیصلہ کریں گے کہ ہم نے مقامی سطح پر احتجاج کرنا ہے یا ایک جگہ جمع ہونا ہے'۔ گویا پی ٹی آئی کی قیادت کو خود ہی یقین نہیں ہے کہ گلیوں، کوچوں، قصبوں و شہروں میں لوگ احتجاج کے لیے نکلیں گے۔ یا ارکان اسمبلی اور کے پی کے کی حکومت کے تعاون سے کچھ لوگ جمع کر کے اسلام آباد کی طرف مارچ کرنے کا پرانا طریقہ آزمایا جائے گا۔

احتجاج کی ناقص منصوبہ بندی کے حوالے سے خود پارٹی کے اندر سے بھی سوالات سامنے آئے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف پنجاب کی چیف آرگنائزر عالیہ حمزہ ملک نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں استفسار کیا ہے کہ 'وزیر اعظم خان کی رہائی کے لیے کس لائحہ عمل کا کل یا آج اعلان ہوا ہے؟ تحریک کہاں سے اور کیسے چلے گی؟ 5 اگست کے مقابلے میں 90 دن کا پلان کہاں سے آیا ہے؟ اگر آپ میں سے کسی کی نظر سے گزرا ہو تو میری بھی رہنمائی کر دیں'۔

احتجاجی منصوبے کے بارے میں بے یقینی کی یہ صورت حال واضح کرتی ہے کہ تحریک انصاف کی قیادت سخت پریشان خیالی کا شکار ہے۔ البتہ ہر لیڈر اپنے اپنے طور پر بلند بانگ اعلانات کر کے اور میڈیا میں جگہ بنا کر عمران خان تک یہ پیغام پہنچانا چاہتا ہے کہ وہی ان کا سب سے زیادہ وفادار ہے۔ پارٹی کے اسی انتشار کی وجہ سے شاید تحریک انصاف اس بار بھی کوئی احتجاج منظم کرنے میں کامیاب نہ ہو اور ملکی سیاست میں خود اپنے لیے سپیس کم کرنے کا سبب بنے۔ علی امین گنڈا پور ایک طرف ملک میں آئین کی بالادستی، جمہوری حقوق اور عوامی نمائندگی کی بات کرتے ہیں لیکن اسی سانس میں 'فیصلہ سازوں' سے بات چیت کرنے کا اعلان بھی کر رہے ہیں۔ اس صورت حال میں انہیں اس سوال کا جواب دینا چاہیے کہ اگر پی ٹی آئی آئینی عمل پر یقین رکھتی ہے تو وہ فوجی نمائندوں سے مل کر کیا بات کرنا چاہتے ہیں؟ فوج کو ملک کا آئین کون سا ایسا اختیار دیتا ہے کہ وہ کسی سیاسی پارٹی کے ساتھ بیٹھ کر اس کی شکایات سنے اور پھر انہیں دور کرنے کا اقدام کرے؟ یہ مطالبہ یا خواہش ہی درحقیقت ملک میں جمہوری روایت و نظام کو دفن کرنے کا سبب بن رہی ہے۔ فوج کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے 'سیاسی حقوق' مانگنے والے لیڈروں کو یا تو جمہوریت کے معنی ہی معلوم نہیں ہیں یا وہ جان بوجھ کر اسے سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے استعمال کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ تحریک انصاف کو سمجھنا چاہیے کہ ملک کے عوام سیاسی معاملات سے اتنے بھی بے خبر نہیں ہیں کہ وہ ایسی سیاسی قلابازیوں کو نہ سمجھتے ہوں۔

ملکی سیاست میں چونکہ جوابدہی کا عمل موجود نہیں ہے اور سب سیاسی پارٹیاں صرف اقتدار و اختیار کی سیاست کرتی ہیں، اسی لیے نہ سوال کیے جاتے ہیں اور نہ کوئی ان کا جواب دینے پر تیار ہے۔ جیسے اس وقت حکمران پارٹیوں کو اس سوال کا جواب دینے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ اگر وہ انتخابات میں منتخب ہو کر اقتدار سنبھالے ہوئے ہیں تو پاک فوج کی قیادت کو سیاسی و معاشی معاملات میں کیوں دخیل بنایا جاتا ہے۔ یہی سوال اگر تحریک انصاف کے لیڈروں سے پوچھ لیا جائے کہ آج تو آپ حقیقی آزادی کا نعرہ لگاتے ہیں لیکن 2018 کا انتخاب جیتنے، حکومت قائم کرنے اور تین ساڑھے تین سال تک حکمرانی کے دوران کون سے عناصر کو ساتھ ملایا گیا تھا، تو ان کے پاس بھی کوئی صائب جواب موجود نہیں ہوگا۔

اسی طرح علی امین گنڈا پور نے آج کی پریس کانفرنس میں ملک میں جاری دہشت گردی کے حوالے سے غیر ذمہ دارانہ تبصرے کر کے پارٹی پوزیشن خراب کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 'عمران خان کے دور میں دہشتگردی نہیں تھی۔ ریکارڈ اٹھا کر دیکھ لیں۔ کتنے خودکش دھماکے ہوئے، کتنے دھماکے ہوئے؟ کتنے لوگ شہید ہوئے؟ کتنے ڈرون حملے ہوئے۔ پی ڈی ایم ون کی حکومت آئی، وہی حالات بن گئے اور پی ڈی ایم 2 آئی تو اس سے بدتر حالات ہو رہے ہیں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے اور آپ کی وجہ سے ہو رہا ہے، آپ کو قبول کرنا ہوگا'۔ اس تبصرے میں بظاہر حکومت پر الزام لگانے کی کوشش کی جا رہی ہے لیکن ان باتوں سے تو یہ تاثر بھی ملتا ہے کہ عمران خان کی وجہ سے دہشت گردی ختم ہوئی تھی، اب ان کی قید کی وجہ سے شروع ہوئی ہے۔ گویا علی امین گنڈا پور جیسا وفادار عمران خان کو ان دہشت گردوں کے دوست کے طور پر پیش کرنے کی غلطی کر رہا ہے جو روزانہ پاک فوج پر حملہ آور ہوتے ہیں اور ہلاکتوں کا سبب بنتے ہیں۔

تحریک انصاف کے مسائل سیاسی ہیں۔ ان کا سیاسی حل تلاش کرنے سے ہی وہ سرخرو ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر وہ اپنے مخالفین کو فوج کے ساتھ ہتھ جوڑی کے ذریعے سزا دلوانے کا خواب دیکھ رہے ہیں تو یہ ایک ایسی بھول ہے جس کا خمیازہ تحریک انصاف کو خود ہی بھگتنا پڑے گا۔ پارٹی کی سب سے بڑی غلطی سانحہ 9 مئی کا سبب بننا تھا۔ اس کے بعد اس سانحہ کا الزام فوج پر ہی عائد کر کے اپنے لیے مشکلات میں اضافہ کیا گیا۔ اس مشکل سے نکلنے کے لیے سیاسی مکالمہ اور دیگر سیاسی جماعتوں سے افہام و تفہیم اسی طرح سود مند ہو سکتی تھی جیسے کہ پنجاب اسمبلی میں معطل ارکان کی بحالی کے لیے اسپیکر سے معاملات طے کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔

تحریک انصاف کو ماننا چاہیے کہ اس کا سیاسی وجود موجودہ نظام کی ہی وجہ سے قائم ہے۔ اگر وہ اس نظام کو گرانا چاہتی ہے تو پھر دوسرے ہی زیر نہیں ہوں گے تحریک انصاف بھی موجود نہیں رہے گی۔

ملک میں سیاسی آزادی یقینی بنائی جائے!

پاکستان میں شہباز شریف کی حکومت خود کو محفوظ و مضبوط محسوس کر رہی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ملک میں انسانی حقوق کی صورت حال دگرگوں اور آزادی رائے کے امکانات محدود ہوئے ہیں۔ حکومت اگرچہ وسیع تر سیاسی مصالحت کی ضرورت پر زور دیتی ہے لیکن اس کی طرف سے ملک میں سیاسی اختلاف سے قطع نظر مل جل کر کام کرنے کی روایت کو آگے بڑھانے کے لیے کوئی ٹھوس کوشش دیکھنے میں نہیں آئی۔

اس دوران پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق نے ملک میں انسانی حقوق کی صورت حال اور اس کی بہتری کے امکانات کم ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیشن نے رواں ماہ کے آغاز میں ایک بیان میں کہا تھا کہ 'گزشتہ چند ماہ میں اسے غیر قانونی، بلاجواز اور غیر ضروری اقدامات کا سامنا کرنا پڑا ہے، جس سے تنظیم کی اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنے کی صلاحیت متاثر ہوئی ہے'۔ جمہوری و آئینی انتظام کے تحت کام کرنے والی کسی بھی حکومت کے لیے انسانی حقوق پر کام کرنے والے ملک کے سب سے باوقار و قابل اعتبار ادارے کی طرف سے ایسی تشویش کا اظہار پریشان کن ہونا چاہیے۔ ان حالات میں بنیادی حقوق کی حفاظت اور ان کی نگرانی کرنے والے اداروں کو سہولت و تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہونی چاہیے۔

انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے حوالے سے شکایات یوں بھی تشویش و پریشانی کا سبب ہیں کہ یہ شکایتیں عام طور سے سیاسی لیڈروں و کارکنوں کے ساتھ برتے جانے والے سلوک کے حوالے سے سننے اور دیکھنے میں آ رہی ہیں۔ ملک کی سب سے بڑی پارٹی اور سب سے مقبول لیڈر عمران خان کے ساتھ روا رکھے جانا والا سلوک اس حوالے سے افسوسناک نمونہ ہے۔ اس معاملہ پر صرف یہ کہہ کر جان نہیں چھڑائی جا سکتی کہ تحریک انصاف یک طرفہ پروپیگنڈا کے ذریعے عمران خان کی قید، اور جیل میں میسر سہولتوں کے بارے میں مبالغہ آرائی سے کام لیتی ہے۔ ملک کے سابق وزیر اعظم کو طویل مدت تک غیر واضح اور کمزور مقدمات میں سزائیں دلا کر قید رکھنا اور جیل میں سہولتوں کے بارے میں شکایات کو نظر انداز کرنا کسی بھی حکومت کی بے حسی اور سنگ دلی کا ثبوت ہے۔ یہ حالات جلد از جلد تبدیل ہونے چاہئیں۔

حکومت اگر سمجھتی ہے کہ اس کی طرف سے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو قواعد کے مطابق مناسب سہولتیں دی جا رہی ہیں تو اسے قومی اسمبلی میں ان سہولتوں کی تفصیل پیش کرنی چاہیے۔ تاکہ عوام الناس بھی جان سکیں کہ تحریک انصاف کے شکایت نما 'پروپیگنڈے' اور حکومت کے دعووں میں سچائی کو کہاں تلاش کیا جا سکتا ہے۔ لیکن حکومت اگر کوئی وضاحت دینے اور اصل حقائق بیان کرنے کی بجائے شکایات کو جھوٹ کا پلندا قرار دے کر مسترد کرتی رہے گی، تو خود حکومت کا اعتبار کم ہوگا اور اس کی نیک نیتی پر سوال اٹھائے جائیں گے۔ عمران خان کی مثال تو یوں دی گئی ہے کہ وہ تحریک انصاف کے لیڈر اور سب سے زیادہ جانے جانے والے قیدی ہیں۔ لیکن تحریک انصاف کے درجنوں لیڈر اور سینکڑوں کارکن مختلف مقدمات میں طویل مدت سے جیلوں میں بند ہیں۔ اس صورت حال پر حکومت کی یہ وضاحت کافی نہیں ہے کہ



تحریر
روپ چند سکرانی

عدالتوں نے انہیں سزائیں دی ہیں۔ سوال تو یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان سزاؤں پر اعلیٰ عدالتوں میں اپیلیں کیوں سست روی کا شکار ہیں۔ اس دوران حکومت 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدالتی فیصلوں اور ججوں پر اثر انداز ہونے کی اپنی سی کوشش کر چکی ہے۔ خاص طور سے اسلام آباد ہائی کورٹ کو 'حکومت دوست' ججوں سے بھرنے کے لیے جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے، اس سے حکومت کی بدنیتی عیاں ہوتی ہے۔

کوئی بھی سیاسی عناصر خواہ کسی بھی طریقے سے اقتدار میں آئیں انہیں مخالفین کے لیے کچھ نرم گوشہ ضرور اختیار کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ خواہ یہ اقتدار کی ہائبرڈ انتظام کے تحت ہی حاصل کیا گیا ہو لیکن سیاسی حکومتی عہدیداروں کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ کوئی بھی سیاسی پارٹی آئینی انتظام، بنیادی حقوق کی صورت حال، سیاسی سرگرمیوں کی آزادی اور تمام سیاسی لیڈروں و کارکنوں کے ساتھ احترام کا رویہ اختیار کر کے ہی طاقت حاصل کرتی ہے۔ کیوں کہ ملک میں کوئی ایمرجنسی یا آمرانہ نظام مسلط نہیں ہے بلکہ جمہوری انتظام کے ذریعے ایک خاص سیاسی گروہ کو مسلط کیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں اس انتظام سے استفادہ کرنے والے سیاسی عناصر کو ماضی پر نگاہ ڈالتے ہوئے یاد رکھنا چاہیے کہ ایسی صورت حال کسی بھی سیاسی لیڈر یا پارٹی کو پیش آ سکتی ہے۔

یہ تاثر عام ہے کہ عمران خان اور تحریک انصاف کے لیڈروں کو اس وقت ملکی عدالتی نظام میں جس صورت حال کا سامنا ہے، اس کی وجہ حکومتی اثر و رسوخ ہے۔ استغاثہ جان بوجھ کر مقدمات کو الجھاتا ہے اور عدالتی کارروائی کو سست روی کا شکار کیا جاتا ہے۔ کسی ایک لیڈر کو سینکڑوں مقدمات میں نامزد کرنا بجائے خود تکلیف دہ اور مضحکہ خیز ہے۔ اس سے تو یوں لگتا ہے کہ جیسے عمران خان ساری زندگی یہ منصوبہ بندی کرتے رہے کہ 'جب انہیں اقتدار ملے گا تو وہ کیسے ایک کے بعد دوسرا جرم کریں گے'۔ یہ صورت حال موجودہ برسر اقتدار لوگوں کے لیے شرمندگی کا سبب ہونی چاہیے۔ حکومت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عمران خان کے علاوہ تحریک انصاف کے تمام لیڈروں اور کارکنوں کو شفاف انصاف فراہم کرنے کا اہتمام کرے۔ اس حوالے سے یہ کہہ دینا کافی نہیں ہو سکتا کہ ملک میں عدالتیں خود مختار ہیں اور عمران خان اور ان کے ساتھی عدالتی احکامات کی وجہ سے ہی قید ہیں۔ کیوں کہ سب جانتے ہیں کہ یہ پورا سچ نہیں ہے۔ حکومت کو یقینی بنانا چاہیے کہ سیاسی قیدیوں کو عدالتوں سے جلد انصاف ملے اور ایسے فیصلوں کی شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔

اس معاملہ میں جب پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق جیسا ادارہ بھی یہ کہنے پر مجبور ہو جائے کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی وکالت کے لیے جگہ کم ہو چکی ہے تو اسے سنجیدگی سے لینے اور ملک کے وزیر قانون، وزیر داخلہ اور وزیر اعظم کو بنفس نفیس ان شکایات کا ازالہ کرنے کے لیے اقدام کرنے چاہئیں، جن کی بنیاد پر انسانی حقوق کی تنظیمیں یا وکلا تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ ان شکایات کو سیاسی مخالفین کی پریشانی سمجھ کر نظر انداز کرنے کی بجائے ایک اصولی معاملہ کے طور پر طے کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ ملک میں ایسا نظام استوار ہو سکے جس میں ہر قسم کی سیاسی رائے رکھنے والے کو اپنی بات کہنے کی آزادی ہو اور وہ خوف کے بغیر حکومت کی کارکردگی کے علاوہ اپنے خیالات سامنے لا سکیں۔ یقیناً مخالف سیاسی لیڈروں پر بھی چند ضوابط پر پابندی لازمی ہوتی ہے لیکن کسی حکومت کو محض مخالفین کی بے اعتدالی کا حوالہ دے کر آئین کے تحت فراہم کردہ حقوق روندنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

تحریک انصاف ان دنوں عمران خان کی رہائی اور اپنی سیاسی موجودگی کے لیے احتجاج کا اہتمام کرنا چاہتی ہے۔ خیبر پختون خوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے گزشتہ روز تند و تیز لہجے میں حکومت اور اسٹیبلشمنٹ پر سخت الزامات عائد کیے ہیں۔ حکومت کی طرف سے مزید سختی ایسے الزامات کا مناسب جواب نہیں ہو سکتی بلکہ اسے سیاسی رائے کے اظہار کے لیے زیادہ سپیس دینے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے تحریک انصاف کے احتجاج پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 'احتجاج کا مقصد ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے'۔ جاننا چاہیے کہ کوئی احتجاج اس وقت تک کسی نظام کو کمزور نہیں کر سکتا جب تک وہ اپنے شہریوں کے حقوق کی حفاظت کرتا رہے گا۔ حکومت کو کسی سیاسی احتجاج کو اپنی کمزوری کی بجائے، ایک اصولی معاملہ کے طور پر طے کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ ملک میں ایسا نظام استوار ہو سکے جس میں ہر قسم کی سیاسی رائے رکھنے والے کو اپنی بات کہنے کی آزادی ہو اور وہ خوف کے بغیر حکومت کی کارکردگی کے علاوہ اپنے خیالات سامنے لا سکیں۔ یقیناً مخالف سیاسی لیڈروں پر بھی چند ضوابط پر پابندی لازمی ہوتی ہے لیکن کسی حکومت کو محض مخالفین کی بے اعتدالی کا حوالہ دے کر آئین کے تحت فراہم کردہ حقوق روندنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

آندھی میں دیا کس نے جلایا؟

گوہر تاج مشی گن (امریکہ)

حساس اداکارہ اور شاعرہ مینا کماری نے جانے زندگی کے کن تجربات کی بنا پہ یہ شعر لکھا ہو گا۔

آبلہ پا کوئی اس دشت میں آیا ہوگا
ورنہ آندھی میں دیا کس نے جلایا ہوگا

لیکن آج مجھے پتہ ہے کہ یہ شعر کوہی گوٹھ کے مستعد، مخلص اور دیانت دار عملہ بالخصوص ممتاز اور مادھوری پہ صادق آتا ہے، جو الفارابی ہسپتال کی دو مستعد مڈوائفز ہیں۔ یہ ادارہ کوہی گوٹھ ہسپتال کا ایک ذیلی مرکز ہے جو کیٹی بندر، ضلع ٹھٹھہ میں، کراچی سے چھپن میل دور واقع ہے۔ (واضح رہے کہ عورتوں کے مفت ہسپتال کوہی گوٹھ ملیر، کراچی کے علاوہ بھی تین اور ذیلی مراکز ہیں جو عورتوں کو مفت خدمات فراہم کرتے ہیں)

میں تقریباً ایک ماہ سے کوہی گوٹھ کے کراچی مرکز میں بطور رضا کار، عورت کی طاقت کے عنوان سے گروپ اور انفرادی تھراپی کر رہی ہوں۔ اس کے علاوہ عملہ کے انٹرویوز اور روزانہ کی بنیاد پہ ہسپتال کی کارکردگی میرا روزانہ کا مشاہدہ ہے۔ گو یہ واقعہ جو کل رات ہفتہ کو پیش آیا، جو میرا براہ راست مشاہدہ کے بجائے ڈاکٹر شیر شاہ کے واٹس اپ کے پیغامات کے ذریعے موصول ہوا کہ جو امریکہ میں رہتے ہوئے ہسپتال کی پل پل کی خبر رکھتے ہیں۔

میں چاہتی ہوں کہ آپ بھی دو قابل فخر مڈوائفز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ کارکردگی کے اس تجربے میں شریک ہوں۔ اور اسے سراہیں۔ اسی لیے شیر شاہ کے انگریزی میں لکھے میسجز کا ایسی صورت حال میں انہوں نے عمران خان کا کیمپ جوائن کرنے سے انکار کر دیا ان کا کہنا تھا کہ میں اس سٹیج پر بیٹھا اچھا نہیں لگوں گا جس پر نواز شریف کے خلاف دشنام طرازی ہو رہی ہو۔

اب عمران خان زیر عتاب ہیں اور ان کے ساتھ زیادتی کی جا رہی ہے، ایسی صورت حال میں ان کی مسلم لیگ میں واپسی عمران خان کے ساتھ کیے جانے والے سلوک کی حمایت کرنے کے مترادف ہوگی لہٰذا ان کا چپ رہنا ہی بہتر ہے۔ اس وقت سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ "فروخت" ہونے والی خبر چوہدری نثار علی خان کے سیاسی مستقبل کے بارے میں ہے اس لئے اینکر پرسن ان کے بارے میں عجیب و غریب شوشے چھوڑتے ہیں۔ چوہدری نثار علی خان کو اپنی سیاسی زندگی میں تین بار وزارت عظمیٰ کے منصب کی پیشکش ہوئی لیکن انہوں نے نواز شریف سے بے وفائی کرنے کی بجائے ان کے ساتھ کھڑا رہنے کا فیصلہ کیا پہلی بار جب صدر غلام اسحٰق خان نے نواز شریف کی جگہ انہیں ملک کا وزیر اعظم بنانے کی پیشکش کی تو انہوں نے یہ کہہ کر کہ "نواز شریف میرا لیڈر ہے ان کے ساتھ غداری نہیں کر سکتا" غلام اسحٰق خان کی پر کشش پیشکش مسترد کر دی، دوسری بار جب ایم کیو ایم پیپلز پارٹی سے بہت تنگ تھی تو اس نے چوہدری نثار علی خان کی وزارت عظمیٰ میں حکومت میں شامل ہونے کا عندیہ دیا تو انہوں نے یہ کہہ کر جو جماعت پیپلز پارٹی کے ساتھ چل نہ سکی اس کے ساتھ مسلم لیگ (ن) کا زیادہ دیر چلنا ممکن نہیں ہوگا انکار کر دیا، پھر تیسری بار جب 2014ء میں عمران خان اور ڈاکٹر طاہر القادری نے اسلام آباد پر چڑھائی کی تو پنجاب ہاؤس اسلام آباد میں اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ نے انہیں مسلم لیگ (ن) میں بغاوت کی راہ دکھائی صلہ میں وزارت عظمیٰ کی پیشکش کی لیکن وہ نہ مانے۔ نواز شریف کے اقتدار کے خاتمے سے قبل نواز شریف اور چوہدری نثار علی خان کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کر دی گئیں جو بالآخر دونوں کے سیاسی راستے جدا کرنے کا باعث بنیں۔

نواز شریف کی عدالتی نا اہلی کے بعد وزارت عظمیٰ کا فیصلہ کرنے کا مرحلہ آیا تو نواز شریف نے چوہدری نثار علی خان کو وزیر اعظم نہیں بنایا ہما شاہد خاقان عباسی کے سر بیٹھا چوہدری نثار علی خان نے شاہد خاقان عباسی کیبنٹ کا حصہ بننے سے انکار کر دیا شاہد خاقان عباسی چوہدری نثار علی خان کو وزارت قب

قوت

SPORTS





لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے کنٹیکٹ باڈی سنٹر میں سمر سپورٹس باکسنگ کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہا ہے

آسٹریلیا نے ویسٹ انڈیز کو 27 رنز پر آل آؤٹ کر دیا

کنگسٹن (این این آئی) آسٹریلیا نے تیسرے اور آخری ڈے نائٹ ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں ویسٹ انڈیز کو 27 رنز پر آل آؤٹ کر کے 176 رنز سے ہرا دیا۔ کنگسٹن میں کھیلے جانے والے ٹیسٹ میں ویسٹ انڈیز ٹیم دوسری اننگز میں صرف 27 رنز بنا سکی، یہ مکمل ٹیسٹ اننگز کا دوسرا کم ترین ٹوٹل ہے۔ ویسٹ انڈیز ٹیم کم ترین ٹیسٹ اننگز کے 70 سالہ پرانے ریکارڈ کے قریب پہنچ گئی تھی۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم 1955ء میں آکلینڈ میں انگلینڈ کے خلاف 26 رنز پر آؤٹ ہوئی تھی جبکہ جنوبی افریقہ کی ٹیم 2 مرتبہ 30، 30 رنز پر آؤٹ ہو چکی ہے۔ ویسٹ انڈیز کے ریکارڈ 7 کھلاڑی ایک اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوئے جبکہ 4 بیٹرز گولڈن ڈک کا شکار ہوئے۔



لارڈز ٹیسٹ کے آخری دن انگلش سپنر شعیب بشیر جشن منا رہے ہیں

آسٹریلیا اور ویسٹ انڈیز کی ٹیسٹ سیریز میں کئی ریکارڈ بن گئے

ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا تیسرے ٹیسٹ کی 4 اننگز میں صرف 1045 گیندیں کروائی گئیں، یہ 1910ء کے بعد سب سے کم پھینکی جانے والی گیندیں ہیں

کنگسٹن (این این آئی) آسٹریلیا اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہونے والی 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں کئی ریکارڈ بن گئے۔ ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کے تیسرے ٹیسٹ کی 4 اننگز میں صرف 1045 گیندیں کروائی گئیں، یہ 1910ء کے بعد 4 آل آؤٹ اننگز میں سب سے کم پھینکی جانے والی گیندیں ہیں جبکہ یہ مجموعی طور پر چوتھی کم سے کم ٹیسٹ میں پھینکی جانے والی گیندیں ہیں۔ کنگسٹن ٹیسٹ میں کوئی بیٹر نصف سنچری بنانے میں کامیاب نہ ہو سکا اور یہ کم از کم 2 مکمل اننگز والے ٹیسٹ میچز کی تاریخ میں 16 ویں مرتبہ ہوا ہے۔ اس سیریز میں 1888ء کے بعد کم ترین زیادہ سے زیادہ انفرادی اسکور کا ریکارڈ بھی قائم ہوا، ویسٹ انڈیز کے بیٹر برینڈن کنگ نے 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں زیادہ سے زیادہ 75 رنز بنائے۔ آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے 23 ویں مرتبہ ٹیسٹ کے پہلے اوور میں وکٹ لی جو ایک ریکارڈ ہے، انہوں نے تیسرے ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز کے پہلے اوور میں ویسٹ انڈیز کے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ مچل اسٹارک نے اننگز میں تیز ترین 5 وکٹیں حاصل کرنے کا ریکارڈ بھی قائم کیا، انہوں نے صرف 15 گیندوں پر 5 وکٹیں حاصل کیں اور 100 ویں ٹیسٹ میں 400 وکٹیں بھی مکمل کیں۔ کنگسٹن میں کھیلے جانے والے ٹیسٹ میں ویسٹ انڈیز ٹیم دوسری اننگز میں صرف 27 رنز بنا سکی، یہ مکمل ٹیسٹ اننگز کا دوسرا کم ترین ٹوٹل ہے۔

انگلینڈ کے سائیکلسٹ سائمن یٹس نے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا دسواں مرحلہ جیت لیا

سائمن یٹس نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 165.3 کلومیٹر کا فاصلہ 4 گھنٹے 20 منٹ اور 5 سیکنڈز میں طے کر لیا

پیرس (این این آئی) انگلینڈ کے سائیکل سوار سائمن یٹس نے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا دسواں مرحلہ جیت لیا۔ فرانس کے شمالی حصے کے ایک شہر للّی سے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کے 112 ویں ایڈیشن کا آغاز ہو چکا ہے۔ جس میں دنیا بھر کی سائیکلنگ کی 23 ٹیموں کے نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کے دسویں مرحلے میں سائیکل سواروں نے فرانس میں انیزاسے مونٹ ڈور تک کا فاصلہ طے کرنا تھا جو پہاڑی رستے پر 165.3 کلومیٹر پر محیط تھا۔ 32 سالہ برطانوی سائیکل سوار سائمن یٹس نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 165.3 کلومیٹر کا فاصلہ 4 گھنٹے 20 منٹ اور 5 سیکنڈز میں طے کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ 25 سالہ نیدرلینڈز کے سائیکل سوار تھامین آرنیس مین نے دسویں راؤنڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ 24 سالہ آئرش سائیکل سوار بین ہیلی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ دسویں مرحلے میں تیسری پوزیشن ہولڈر 24 سالہ آئرش سائیکل سوار بین ہیلی نے یلو جرسی حاصل کر لی ہے۔ ان سے قبل ساتویں سے نویں مرحلے تک یلو جرسی سلووینیا کے سائیکل سوار اور ایونٹ کے دفاعی چیمپئن تڈیج پوگا آر کے پاس تھی۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس 21 مرحلوں پر محیط ہوگی جس میں سائیکل سوار 3338.8 کلومیٹر کا سفر طے کریں گے۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس میں 232 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس 24 روز جاری رہنے کے بعد 27 جولائی کو اختتام پذیر ہوگی۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس میں ٹیم یو اے ای ایمرٹس ایکس آر جی کے 26 سالہ سلوینیا کے سائیکلسٹ تڈیج پوگا آر اپنے اعزاز کا دفاع کے لئے کوشاں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا پہلا ایڈیشن پہلی مرتبہ 1903 میں ہوا جو فرانسیسی سائیکل سوار مورس فرانسس گارین نے جیتا تھا۔

انگلینڈ کو دھچکا، شعیب بشیر بھارت کے خلاف بقیہ ٹیسٹ میچز سے باہر

ابتدائی طور پر ٹیم انتظامیہ کو امید تھی کہ شعیب بشیر آخری سیشن میں بولنگ پر واپس آ جائیں گے مگر نہ آ سکے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے اسپنر شعیب بشیر بائیں انگلی میں فریکچر کی وجہ سے بھارت کے خلاف بقیہ دو ٹیسٹ میچوں سے باہر ہو گئے۔ بھارت کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز کے 78 ویں اوورز کے دوران شعیب بشیر نے اپنی بائیں چھوٹی انگلی پر اس وقت چوٹ لگی جب رویندرا جڈیجا نے گیند کو واپس ان کی طرف کھیلا۔ شعیب بشیر نے فوری مدد کے لیے ڈریسنگ روم کی طرف اشارہ کیا اور جو روٹ کو ان کا اوور مکمل کرنا پڑا۔ ابتدائی طور پر ٹیم انتظامیہ کو امید تھی کہ شعیب بشیر آخری سیشن میں بولنگ پر واپس آ جائیں گے لیکن وہ متبادل فیلڈرز کے ساتھ سائیڈ لائن پر رہے اور چوتھے دن میدان میں نہیں آئے۔ 21 سالہ شعیب بھی آخری دن کے زیادہ تر وقت میدان سے باہر رہے اور بالآخر بولنگ میں واپس آئے جب ہوم سائیڈ کو فتح حاصل کرنے کے لیے دو وکٹوں کی ضرورت تھی۔ اسپنر کی میدان میں واپسی انگلینڈ کے لیے فیصلہ کن ثابت ہوئی انہوں نے محمد سراج کو بولڈ کر کے انگلش ٹیم کے لیے آخری وکٹ حاصل کی۔ تاہم اب شعیب بشیر بقیہ دو میچز سے محروم ہو گئے ہیں کیونکہ انہیں رواں ہفتے سرجری کروانی ہوگی۔ شعیب بشیر کی جگہ جیک لیچ، لیگ اسپنر ریحان احمد اور کاؤنٹی چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی دکھانے والے لیام ڈاسن ممکنہ امیدواروں کے طور پر سامنے آئے ہیں۔

انگلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان چوتھا ٹیسٹ میچ 23 جولائی سے مانچسٹر میں شروع ہوگا

انگلینڈ کی ٹیم کو مہمان بھارتی ٹیم کے خلاف پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز میں 1-2 کی برتری حاصل ہے

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا چوتھا میچ 23 سے 27 جولائی تک ایمریٹس اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا، میزبان انگلینڈ کی ٹیم کو مہمان بھارتی ٹیم کے خلاف پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز میں 1-2 کی برتری حاصل ہے۔ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیڈز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو 5 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ برمنگھم میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں مہمان بھارتی ٹیم نے جاندار کم بیک کرتے ہوئے میزبان انگلینڈ کی ٹیم کو 336 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-1 سے برابر کر دی تھی، تاہم لندن (لارڈز) میں کھیلے گئے تیسرے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی ٹیم نے ایک مرتبہ پھر بھارتی ٹیم کو 22 رنز سے شکست دے کر سیریز میں 2-1 کی برتری قائم کر لیے۔ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کے مطابق مہمان بھارتی ٹیم اپنے دورے کے دوران میزبان انگلینڈ ٹیم کے خلاف 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی جس کے تین میچز کھیلے جا چکے ہیں۔ 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں بھارت کی کرکٹ ٹیم کو بلے باز شبمن گل لیڈ کریں گے جبکہ انگلینڈ کی ٹیم کو مایہ ناز آل راؤنڈر بین سٹوکس لیڈ کریں گے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان چوتھا ٹیسٹ میچ 23 سے 27 جولائی تک ایمریٹس اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا جبکہ پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 31 جولائی سے 4 اگست تک کینٹگٹن اوول، لندن میں کھیلا جائے گا۔



کرٹس کیمفر سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ میچ سے قبل پریکٹس کرتے ہوئے

تین ملکی ٹی 20 سیریز، جنوبی افریقہ نے زمبابوے کو 5 وکٹوں سے ہرا دیا

ہرارے (این این آئی) تین ملکی ٹی 20 سیریز کے افتتاحی میچ میں جنوبی افریقہ نے زمبابوے کو 5 وکٹوں سے شکست دے کر فاتحانہ آغاز کر لیا۔ جنوبی افریقہ نے 142 رنز کا ہدف 16 ویں اوور میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ ڈیوالڈ بریوس نے 41 رنز کی دھواں دار اننگز کھیلی اور میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ پیر کو ہرارے سپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے میچ میں زمبابوے نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 141 رنز بنائے۔ کپتان سکندر رضا نے 54 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ برائن بینیٹ 30 رنز کے ساتھ دوسرے نمایاں بیٹر رہے۔



لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس میں سرسپورٹس سوئمنگ کیمپ میں بچوں کو تربیت دی جا رہی ہے

انٹرنیشنل



آئرلینڈ کے جزیرے انشمور کا ایک منظر

سفارت کاری کا میدان کھلا ہے مگر جوابی کارروائی کے لیے بھی تیار ہیں، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود بزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نئے امکانات کے دروازے کھولنے کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "ہمیں ماضی کو تنقیدی نگاہ سے دیکھنے کی ضرورت ہے"۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ایران کو بہتر مستقبل کی جانب لے جانے والی راہ امید کی از سر نو تعمیر، سیکھنے اور تبدیلی کے لیے آمادگی اور ایک ایسا راستہ ہے جو ہم آہنگی، ہمدردی اور عقل و فہم پر مبنی ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران آج بھی سفارت کاری کے دروازے کھلے ہونے پر یقین رکھتا ہے



غزہ: عورت زخمی کی ابتدائی طبی مدد کر رہے ہیں

غزہ سے اپنی افواج کے انخلا کے بارے میں اضافی رعایت پیش کی ہے، اسرائیل

معلومات مذاکرات کے عمل سے واقف اعلیٰ اسرائیلی حکام سے حاصل ہوئی ہیں، عہدیدار کی گفتگو

غزہ (این این آئی) ایک اعلیٰ اسرائیلی عہدیدار نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل نے غزہ کی پٹی سے اپنی افواج کے انخلا کے دائرہ کار کے بارے میں اضافی رعایت "دینے پر اتفاق کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ قیدیوں کے تبادلے اور جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے کی کوششوں کے حصے کے طور پر کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام مذاکرات کو آگے بڑھانے کی کوشش کے تناظر میں ہے، انہوں نے مزید کہا کہ انہیں یہ معلومات مذاکرات کے عمل سے واقف اعلیٰ اسرائیلی حکام سے حاصل ہوئی ہیں۔ عہدیدار نے وضاحت کی کہ اسرائیلی مذاکراتی ٹیم نے آج نئے نقشے پیش کیے ہیں جو پٹی کے جنوب میں واقع رفح شہر میں اسرائیلی فوجی موجودگی میں مزید کمی کو ظاہر کر رہے ہیں۔ نئے نقشوں کے مطابق اسرائیلی فوج کی افواج فلاڈیلفی کوریڈور کے شمال میں غزہ کی پٹی اور مصر کی سرحد کے ساتھ دو کلومیٹر سے زیادہ چوڑی ایک تنگ پٹی میں تعینات رہیں گی۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اسرائیلی کا ابتدائی موقف فلاڈیلفی کوریڈور کے شمال میں 5 کلومیٹر تک کی فوجی موجودگی پر مشتمل تھا۔ نئے نقشے گزشتہ تجاویز کے مقابلے میں نئی اسرائیلی رعایت کو نمایاں کر رہے ہیں۔ عہدیدار نے کہا کہ ہم ایک معاہدے تک پہنچنے کی طرف سنجیدگی اور اضافی اقدامات اٹھانے کی آمادگی ظاہر کر رہے ہیں۔ اب حماس کی باری ہے کہ وہ لچک دکھائے اور مذاکرات کو سنجیدگی سے لے۔ کوئی بھی پیش رفت اس وقت تک نہیں ہوگی جب تک امریکہ اس سمت میں حقیقی اور مضبوط دباؤ نہیں ڈالے گا۔ معلومات مذاکرات کے عمل سے واقف اعلیٰ اسرائیلی حکام سے حاصل ہوئی ہیں، عہدیدار کی گفتگو

اسرائیل غزہ میں پیاس سے مارنے کی منظّم پالیسی اپنائے ہوئے ہے، حماس

ساڑھے 12 لاکھ فلسطینی پانی سے محروم، پانی تک پہنچنے کی کوشش کرنیوالے 700 افراد کو مار دیا گیا، رپورٹ

غزہ (این این آئی) فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے اسرائیل پر غزہ کی پٹی میں آبادی کے خلاف منظم پیاس پالیسی "اپنانے کا الزام لگایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس نے کہا کہ اسرائیل پیاس سے مارنے کی منظم پالیسی اختیار کیے ہوئے ہے۔ حماس نے خبردار کیا پانی کے شدید بحران کے نتیجے میں انسانی صورتحال تیزی سے بگڑ رہی ہے۔ مسلسل بمباری اور کنوں اور پانی صاف کرنے والے پلانٹس کو چلانے کے لیے ضروری ایندھن کی فراہمی پر پابندی کی وجہ سے، بحران شدید ہوگیا ہے۔ غزہ میں حماس کے زیر انتظام سرکاری میڈیا آفس نے ایک پریس بیان میں کہا کہ غزہ پٹی میں ساڑھے 12 لاکھ سے زائد فلسطینی صاف پانی تک رسائی سے محروم ہو گئے ہیں۔ اسرائیلی بمباری اور آپریشنل وسائل کی کمی کے نتیجے میں سینکڑوں کنویں ناکارہ ہو گئے ہیں۔ بیان میں یہ بھی وضاحت کی گئی کہ سات اکتوبر کو جنگ کے آغاز سے اب تک اسرائیلی حملوں میں پانی کے ذرائع تک پہنچنے کی کوشش کرنے والے 700 سے زائد شہری شہید ہو چکے ہیں۔ ان میں بچوں کی ایک بڑی تعداد بھی شامل ہے جن میں سے آخری 12 افراد شمالی مغربی نصیرات کیمپ کے علاقے میں بمباری کے نتیجے میں قتل کیے گئے۔ حماس نے کہا اسرائیلی فوج پر کئی مہینوں سے پٹی کو ایندھن کی فراہمی میں خلل ڈال رکھا ہے۔ اس کے نتیجے میں پانی اور نکاسی آب کے شعبے تقریباً مکمل مفلوج ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکیہ اور شام کے ساتھ تعلقات کی بہتری پر ایک بریفنگ کے دوران تھامس براک نے کہا کہ موجودہ لبنانی حکومت بدعنوان نہیں ہے۔ ان کے مطابق حزب اللہ سے اسلحہ چھیننے کی کوشش یا حکومت کی طرف سے ایسا کوئی اقدام ممکنہ طور پر ملک میں خانہ جنگی کو جنم دے سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ جن ہتھیاروں کی واپسی چاہتا ہے، وہ وہی ہیں جو اسرائیل کے لیے خطرہ بنے ہوئے ہیں۔ برانے حزب اللہ کے مسلح دھڑے کو ایک "دہشت گرد تنظیم "قرار دیا اور کہا کہ یہی گروہ لبنان کے لیے مسائل کھڑے کر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لبنان ماضی میں بدعنوانی میں ڈوبا ہوا ملک رہا ہے۔ امریکہ نے حزب اللہ سے وہ ہتھیار چھوڑنے کا مطالبہ کیا ہے جو اسرائیل کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں

حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کی کوشش لبنان میں خانہ جنگی چھیڑ سکتی ہے: امریکی

امریکہ نے حزب اللہ سے وہ ہتھیار چھوڑنے کا مطالبہ کیا ہے جو اسرائیل کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں، تھامس براک

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے خصوصی ایلچی برائے شام و لبنان تھامس براک نے واضح کیا ہے کہ واشنگٹن لبنانی حکومت پر کوئی چیز مسلط نہیں کر رہا۔ حزب اللہ کو اسلحہ چھوڑنے پر مجبور کرنے کا خوف ملک کو خانہ جنگی کی طرف دھکیل سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکیہ اور شام کے ساتھ تعلقات کی بہتری پر ایک بریفنگ کے دوران تھامس براک نے کہا کہ موجودہ لبنانی حکومت بدعنوان نہیں ہے۔ ان کے مطابق حزب اللہ سے اسلحہ چھیننے کی کوشش یا حکومت کی طرف سے ایسا کوئی اقدام ممکنہ طور پر ملک میں خانہ جنگی کو جنم دے سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ جن ہتھیاروں کی واپسی چاہتا ہے، وہ وہی ہیں جو اسرائیل کے لیے خطرہ بنے ہوئے ہیں۔ برانے حزب اللہ کے مسلح دھڑے کو ایک "دہشت گرد تنظیم "قرار دیا اور کہا کہ یہی گروہ لبنان کے لیے مسائل کھڑے کر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لبنان ماضی میں بدعنوانی میں ڈوبا ہوا ملک رہا ہے۔ امریکہ نے حزب اللہ سے وہ ہتھیار چھوڑنے کا مطالبہ کیا ہے جو اسرائیل کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں

ہتھیار اٹھانا صرف ریاست کی ذمہ داری ہے، شامی وزیر خارجہ

دمشق (این این آئی) شام کے وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے زور دیا ہے کہ ان کے ملک میں ہتھیار اٹھانا صرف ریاست کی ذمہ داری ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وہ یہ بات جنوبی شام کے السویدا میں جاری جھڑپ کے تناظر میں کر رہے تھے۔ وزیر خارجہ نے بیانات میں مزید کہا کہ شام عرب اور بین الاقوامی دونوں حلقوں میں آہستہ آہستہ اپنی معمول کی جگہ دوبارہ حاصل کر رہا ہے۔ کچھ فریقوں کی جانب سے شام کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی کوششوں کے جواب میں اسعد الشیبانی نے کہا کہ کسی کو بھی ہمارے اندرونی معاملات میں مداخلت کا اختیار نہیں ہے۔



طولکرم: اسرائیلی قابض افواج کی جانب سے جاری جارحیت کے دوران فلسطینیوں کے مکانات مسمار کیے جا رہے ہیں

جوہری توانائی کے معائنہ کاروں کے جوتوں میں جاسوسی چپس ملیں، ایران

عالمی جوہری ایجنسی کو کیسے پتہ چلتا ہے کہ ہماری نطنز میں جوہری تنصیبات ہیں؟ محمود نبویان

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کے ڈپٹی چیئرمین محمود نبویان نے بتایا ہے کہ تہران نے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے معائنہ کاروں کے جوتوں میں اس وقت مشکوک جاسوسی چپس دریافت کی ہیں جب وہ ایرانی جوہری تنصیبات کا معائنہ کر رہے تھے۔ عرب ٹی وی کو ایک انٹرویو میں نبویان نے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی کارکردگی پر تنقید کی اور کچھ ایرانی جوہری تنصیبات کی شناخت کے طریقہ کار پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ انہیں کیسے پتہ چلتا ہے کہ ہماری نطنز میں جوہری تنصیبات ہیں؟ وہ عام طور پر اسے یا تو امریکہ کے سیٹلائٹس کے ذریعے معلوم کرتے ہیں یا سیکیورٹی اداروں کے ذریعے۔ ہم بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گروسی سے پوچھتے ہیں کہ آپ کے پاس اب ہماری تین مقامات کے بارے میں دعوے ہیں جن کے بارے میں آپ کہتے ہیں کہ وہ ابھی تک حل نہیں ہوئے۔ کیا یہ صرف اتنا ہی ہے کہ اسرائیل نے آپ کو ہمارے ان مراکز کے بارے میں معلومات فراہم کر دی ہیں؟ کیا اسرائیل نے آپ کو ہم سے متعلق دستاویزات فراہم کی ہیں؟ لیکن آپ اسرائیل کی بات کیوں سنتے ہیں؟ کیا اسرائیل عدم پھیلاؤ معاہدے کا رکن ہے؟ اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ آپ جاسوسی کر رہے ہیں۔ گروسی نے ہماری رپورٹس اسرائیل کو دیں۔ قومی سلامتی کمیٹی کے ڈپٹی چیئرمین محمود نبویان نے مزید کہا کہ ایران کی وزارت انٹیلی جنس نے اسرائیلی خفیہ دستاویزات حاصل کیں اور کہا کہ ہم نے اسرائیل سے دس ملین دستاویزات حاصل کی ہیں اور یہ جاننا دلچسپی کا باعث بنا کہ عدم پھیلاؤ معاہدے کے رکن کے طور پر ہمیں اپنی رپورٹس ایجنسی کو پیش کرنی چاہئیں لیکن گروسی نے ہماری رپورٹس اسرائیل کو دیں!۔ انہوں نے گروسی سے مخاطب ہوتے ہوئے مزید کہا کہ جب ہم کہتے ہیں جاسوسی تو ہم یہ ثبوت کے ساتھ کہتے ہیں۔ ایرانی نائب نے وضاحت کی کہ جب ہم ایجنسی کو خفیہ رپورٹس پیش کرتے تھے



طولکرم: اسرائیلی قابض افواج کی جانب سے جاری جارحیت کے دوران فلسطینیوں کے مکانات مسمار کیے جا رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کئی گھنٹے کی بارش نالہ بھیٹر نے تباہی مچادی ہر طرف پانی ہی پانی کھیت ڈوب گئے

ہر طرف پانی ہی پانی کھیت ڈوب گئے چاول کی پنیری ضائع مہہ ورکاں آہدیاں دھروڑ مسلم مبارک پور سمیت دیگر ملحقہ علاقے ڈوب گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کئی گھنٹے کی بارش نالہ بھیٹر نے تباہی مچادی ہر طرف پانی ہی پانی کھیت ڈوب گئے چاول کی پنیری ضائع مہہ ورکاں آہدیاں دھروڑ مسلم مبارک پور سمیت دیگر ملحقہ علاقے ڈوب گئے عوام میں پریشانی کی فضاء تفصیل کے مطابق رات کئی گھنٹے جاری رہنے والی شدید بارش نے ہر طرف تباہی مچادی کا لاخطائی میں ریلوے ٹریک ڈوب گیا ندی نالے راجباہ اور نہریں اوور فلو آہدیاں مہہ ورکاں مبارک پور کے قریب نالہ بھیٹر نے تباہی مچادی سینکڑوں ایکڑ رقبے پر فصلیں ڈوب گئیں ہر طرف پانی ہی پانی چاول کی پنیری ضائع ہوگئی نکاسی کا مناسب انتظام نہ ہونے سے کئی دیہات کے رابطے منقطع ہوگئے جبکہ دوسری طرف مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے مزید بارشوں کی پیشگوئی کی جارہی ہے۔ جس سے سیلابی صورت حال کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔

اہلبیت کی محبت ایمان کا حصہ ہے: خرم نثار قادری

قرآن وحدیث نے خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام واضح کردیا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) اہلبیت کی محبت ایمان کا حصہ ہے اس کے بغیر دنیا وآخرت میں کامیابی ممکن نہیں ہے اہلبیت کی محبت کسی مذہب کی اجارہ داری نہیں ہے قرآن وحدیث نے خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام واضح کردیا ہے حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا کے میدان میں جو کردار ادا کیا قیامت تک کوئی نہیں کرسکے گا شہداء کربلا کو سلام عقیدت پیش کرتا ہے ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے نومنتخب صدر خرم نثار قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ 3 اگست کو مرکزی جامع مسجد نورانی میں درس عرفان القرآن کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں نواسہ رسول حضرت امام حسین کی خدمات پر سلام عقیدت پیش کیا جائے گا۔

رائیونڈ میں عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات

اس سلسلے میں فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ نے ایس ڈی او اور سب انجینئر اقبال ٹاؤن کے ہمراہ علاقے کا تفصیلی دورہ کیا



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) ایم این اے ملک محمد افضل کھوکھر، چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی چوہدری شہزاد نذیر سندھو، اور صدر ایم ایس ایف این اے ۱۲۵ ملک احسن افضل کھوکھر کی معاونت سے رائیونڈ میں عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ نے ایس ڈی او اور سب انجینئر اقبال ٹاؤن کے ہمراہ علاقے کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے خراب ڈسپوزل موڑز اور غیر فعال ٹیوب ویلز کی مرمت اور بحالی کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ فیضی جٹ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ رائے ونڈ کے تمام خراب ٹیوب ویلز کو جلد از جلد مکمل طور پر فعال کر دیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح کے اس منصوبے کو مؤثر اور بروقت مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بنیادی سہولیات بلا تعطل میسر آسکیں۔ اہلِ علاقہ نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے عملی اقدامات سے رائیونڈ کے دیرینہ مسائل حل ہوں گے اور زندگی میں بہتری آئے گی۔





گدی نشینوں، پیروں، صاحبزادوں، مبلغوں، مولیو، دیوبندیوں، اہلحدیثوں، شعیوں، ہم سب کو ایک ہونا پڑے گا: ملک محمد جاوید چشتی



گوجرانوالہ (غلام شبیر ریذیڈنٹ ایڈیٹر) جمعیت علمائے پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن، صوبہ پنجاب کے جوائنٹ سیکرٹری، جمعیت علمائے پاکستان ضلع گوجرانوالہ کے سرپرست ملک محمد جاوید چشتی نے کہا ہے کہ گدی نشینوں، پیروں، صاحبزادوں، مبلغوں، مولیو، دیوبندیوں، اہلحدیثوں، شعیوں، ہم سب کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر عوام کو ریلیف دلوانے کی خاطر ظالم حکمرانوں کو للکارنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دینی جماعتوں کے راہنماؤں کو مسجد کے خطیبوں کو اس جمعۃ المبارک میں اس یزیدی حکومت کے خلاف 25 کروڑ مسلمانوں کے مطالبہ کی حمایت میں ممبر رسول سے آواز بلند کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہئے کہ ممبر رسول سے آواز بلند کریں کہ بجلی کے 200 یونٹ کے نام پر موجودہ حکومت جو ظلم کر رہی ہے پوری دنیا میں ایسا نظام نہیں ہے جو پاکستان ظالم حکمرانوں نے اس وقت پاکستان میں نافذ کیا ہوا ہے، انہوں نے کہا کہ قومیں ظلم اور ناانصافی سے تباہ ہوتی ہیں جیسے ہم ہو چکے ہیں، 200 یونٹ سے ایک یونٹ زیادہ ہو جائے تو بل ادا کرنے والے کو چھ ماہ تک سزا بھگتنا پڑے گی، 15000 روپے ہر ماہ ادا کرنے پڑیں گے یہ بڑے بے شرمی، ڈھٹائی ہے جسے ٹرک کے پیچھے لکھا ہوات ہے پاس کا یار داشت کر لہٰذا مظلوم عوام ابھی تک برداشت کر رہی ہے اور حکومت لٹیرے ڈاکو چور عیاشی کر رہے ہیں چین کی حکومت کو اپنا دوست کہنے والو چین کا صدر کہہ رہا ہے کہ ہم نے 30 سالوں میں 3 لاکھ کرپٹ سیاستدانوں، جرنیلوں اور ججوں کو پھانسی پر لٹکایا تب جا کر آج ہم دنیا کی بہت بڑی تجارتی اور دفاعی طاقت بن کر دنیا کے سامنے کھڑے ہیں

خیبر پختونخواہ حکومت کی طرف سے ڈسکہ میں سوات متاثرہ خاندان کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت ودعائے مغفرت کی گئی

پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ بھی موجود تھے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ حکومت کی طرف سے ڈسکہ میں سوات متاثرہ خاندان کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت ودعائے مغفرت کی اور ان کو دو کروڑ روپے کے چیک دیئے۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی کی مرکزی ومقامی قیادت نے سوات متاثرہ خاندان کے ساتھ دعائے مغفرت اور اظہار تعزیت کرتے ہوئے کی پی کے پی حکومت کی طرف سے 20 لاکھ کی کس اور مجموعی طور پر 2 کروڑ روپے کے چیک دیئے اس موقع پر فیصل امین گنڈاپور اور سلمان اکرم راجہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ: وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور خود آنا چاہتے تھے مگر حالات سازگار نہیں



اکرم راجہ، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کے بھائی فیصل امین گنڈاپور سمیت مرکزی ومقامی قیادت نے خیبر پختونخواہ حکومت کی طرف سے ڈسکہ میں سوات متاثرہ خاندان کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت ودعائے مغفرت کی اور ان کو دو کروڑ روپے کے چیک ریاست ماں ہوتی ہے ہماری صرف ایک صوبے میں حکومت ہے یہ جو نقصان ہوا اس کی کوئی تلافی تو نہیں ہوسکتی عمران خان کا مشن عوام کی خدمت کرنا ہے جس پر ہم عمل پیرا ہیں عمران خان آج جیل میں اس لئے ہے کہ وہ عوام کا درد رکھتے ہیں عمران خان پاکستان کو اشرافیہ کا پاکستان نہیں دیکھنا چاہتے انہوں نے کہا کہ عبداللہ ابھی تک لاپتہ ہے اس کی تلاش کیلئے آپریشن جاری ہے اس موقع پر مرکزی رہنما عمر ڈار، ریحانہ ڈار، علی اسجد ملہی، وقاص اختار بٹ، ایم این اے برگیڈیئر اسلم گھمن، حاجی امان اللہ ودیگر موجود تھے

حافظ آباد شہر اور اسکے نواحی علاقوں میں سولہ گھنٹے تک جاری رہنے والی بارش نے تباہی مچادی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر اور اسکے نواحی علاقوں میں سولہ گھنٹے تک جاری رہنے والی بارش نے تباہی مچادی۔ متعدد مقامات پر چھتیں اور دیواریں گرنے سے دو افراد زخمی جبکہ کئی دیہات زیر آب آگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حافظ آباد اسکے مضافات میں مسلسل جاری رہنے والی بارش سے کولوتارڑ میں مکان گرنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا، جبکہ کوٹ سرور کے قریب ڈیلے والی میں مکان کی چھت گرنے سے بھی ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ دوسری جانب بارش کا پانی نواحی گاؤں اکانوالہ میں مبینہ طور پر محکمہ ہائی وے کی لاپرواہی اور غفلت سے نئی تعمیر ہونے والی سڑک پر پلیوں کی بندش کے باعث گاؤں میں کئی کئی فٹ جمع ہوگیا جس سے پورا گاؤں زیر آب آگیا جبکہ اکانوالہ میں نئی تعمیر کردہ سڑک کے کنارے بھی پانی میں بہہ گئے۔ جس پر دیہاتیوں نے محکمہ ہائی وے کے افسران کے خلاف سخت احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ انکی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے انکا پورا گاؤں زیر آب آگیا ہے اور وہ یہاں سے نقل مکانی پر مجبور ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب شہر کے تمام نشیبی علاقہ جات بھی زیر آب رہے۔

ایئر سیال کی سیالکوٹ کراچی فلائیٹس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ محمد یوسف

سیالکوٹ کی اپنی ایئر لائن نے کم وقت میں بڑے سنگ میل عبور کئے۔ ڈائیریکٹر ایئر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایئر سیال انٹرنیشنل نے پرائیویٹ سیکٹر میں انتہائی کم وقت میں ملکی و بین الاقوامی سطح پر فلائیٹس شروع کرنے کیساتھ جدید ترین طیارے فضائی بیڑے میں شامل کر کے اپنی استعداد کار میں اضافے کیساتھ ساتھ بہترین سفری سہولیات و لاجواب میزبانی کی زبردست روایت قائم کر کے اپنے کرم فرماؤں کا اعتماد حاصل کیا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و ڈائیریکٹر ایئر سیال محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ ایئر سیال منافع میں کا رہی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سیالکوٹ کی اپنی ایئر لائن نے دنیا کی بہترین ایئر لائنز میں جگہ بنائی ہے۔ محفوظ آرام دہ سفر بہترین سروس کے معیار کیساتھ یہی ایئر سیال کا طرہ امتیاز ہے۔

ضلعی انتظامیہ چنیوٹ مون سون بارشوں کے دوران تیز رفتار نکاسی آب کے لئے سرگرم ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ چنیوٹ / دکانداروں سے بھی ملاقات کی اور بتایا کہ بارشی پانی کے تیز رفتار نکاس کے لئے ٹیمیں فیلڈ میں ہیں



مون سون بارشوں کے دوران تیز رفتار نکاسی آب کے لئے سرگرم ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نکاسی آب کے کاموں کی مانیٹرنگ کے لئے میدان میں آگئے۔ انہوں نے مختلف شاہرات، اندرونی گلیوں کا دورہ کیا اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور میونسپل کمیٹی کی ٹیموں کی طرف سے مسلسل بارش کے بعد بارشی پانی کے نکاسی کے لئے کئے جانے والے ہنگامی اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے شہریوں اور تمام مشینری تعیناتی مقامات پر متعین ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے۔ شہری بھی بارش کے دوران احتیاطی تدابیر اپنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے جھنگ روڈ پر ڈسپوزل اسٹیشن کا بھی دورہ کیا اور ڈسپوزل کو فعال رکھنے کی تاکید کی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے متبادل کے طور پر جنریٹرز موجود رکھیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل واثق عباس بھی ہمراہ تھے۔

بارش کے نکاس کیلئے پلیاں بنائی جائیں مرید کے نارووال روڈ کی تعمیر ومرمت سے پہلے چار پلیاں تھیں اب ایک رہ گئی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بارش کے نکاس کیلئے پلیاں بنائی جائیں مرید کے نارووال روڈ کی تعمیر ومرمت سے پہلے چار پلیاں تھیں اب ایک رہ گئی ہے کسانوں نے ضلعی انتظامیہ کو درخواست لکھ دی مقامی کسانوں نے مزمل ریاض افضل مقبوک اور مجاھد اولکھو نے اسسٹنٹ کمشنر مرید کے توصیف حسن کو لکھی جانے والی درخواست میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ نارنگ موڑ ڈیرہ میواں بوڑھے اوٹھ وغیرہ میں 50 مربع سے زائد رقبہ زیر کاشت ہے ہر سال مون سون میں بارش کے پانی کی نکاسی نہ ہونے سے کروڑوں کا نقصان ہوتا ہے فصلیں تباہ ہوجاتی ہیں جب پی ایچ اے نے سڑک بنائی تو اس وقت سیلابی اور بارش کے پانی کے نکاس کیلئے چار پلیاں بنائی گئی تھیں تین بند ہوچکی ہیں اس وقت ایک پلی ہے جو ناکافی ہے مزید پلیاں بنائی جائیں تاکہ ہر سال ہونے والے کروڑوں روپے کے نقصان کو بچایا جاسکے۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ وگجرات نوید احمد کا بنیادی مرکز صحت ہریالہ کا دورہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ وگجرات نوید احمد کا بنیادی مرکز صحت ہریالہ کا دورہ، سہولیات اور ادویات کی فراہمی کا جائزہ ✕ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ وگجرات نوید احمد نے بنیادی مرکز صحت ہریالہ کا دورہ کیا، جہاں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عثمان نعیم، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ جہانگیر شبیر بٹ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر گجرات نوید احمد نے مرکز صحت کے مختلف وارڈز، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود افسران کو ہدایت کی کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اور ادویات کی مسلسل دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے صفائی اور مریضوں کے آرام دہ ماحول کو برقرار رکھنے کی بھی تاکید کی۔

وفاقی حکومت بزنس کمیونٹی کو ریلیف فراہم کرے۔ لالہ ظفر اقبال

صنعتی شعبہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔ فوکل پرسن آئی جی پنجاب بزنس کمیونٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ملک بھر میں بجٹ کے دوران نئی معاشی پالیسی کے تحت لگائے گئے ٹیکسز، ودایف بی آر کے اختیارات بارے تاجر برادری سخت بیجانی کیفیت کا شکار ہے اور ملک کے دیگر شہروں کے ایوان صنعت وتجارت ہائے کی طرح سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی بزنس کمیونٹی میں بھی حد درجے کی تشویش پائی کا رہی ہے جس وجہ سے کاروباری طبقہ احتجاج کرنے پر مجبور ہے۔ ان باتوں کا اظہار فوکل پرسن آئی جی پنجاب بزنس کمیونٹی لالہ ظفر اقبال نے صنعتکاروں تاجروں کے احتجاجی کیمپ کے باہر میڈیا نمائندگان کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت نے ملک کو بحرانی کیفیت سے نکال لیا مگر اس وقت تاجر برادری کو معاشی پالیسی پر اعتماد میں لینے کیلئے فوری وزیراعظم پاکستان کو بزنس کمیونٹی کیساتھ ملاقات کر کے ان کے تحفظات دور کرنے چاہیے۔

نامعلوم چور فہد سیہول کے کھیتوں سے ٹریکٹر کی مدد سے 6 لاکھ روپے مالیت کا سہاگہ اور کڑا چوری کر کے لے گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں چک وڑائچ کے قریب نامعلوم چور فہد سیہول کے کھیتوں سے ٹریکٹر کی مدد سے 6 لاکھ روپے مالیت کا سہاگہ اور کڑا چوری کر کے لے گئے رکشہ اسٹینڈ کے قریب سبزی لینے آئے سرکاری سکول کے استاد کی موٹر سائیکل غائب ہوگئی ظفر سٹریٹ میں سسرال آئے داماد کی موٹر سائیکل چوری ہوگئی جبکہ مختلف علاقوں میں نامعلوم چور نصف درجن سے زائد موبائل لے کر فرو چکر ہوگئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔



چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ محمد والا سب انسپکٹر طارق محمود نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار مویشی چوری ملزم کے قبضہ سے تین لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار مویشی چور ملزم سے مزید تفتیش کا عمل جاری اور مزید اہم انکشافات متوقع ہیں۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے مکمل خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس اسٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

حافظ آباد میں غریب محنت کش اپنی چوری شدہ موٹر سائیکل کی برآمدگی کے لئے تھانہ کے چکر لگا لگا کر تنگ آ گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں غریب محنت کش اپنی چوری شدہ موٹر سائیکل کی برآمدگی کے لئے تھانہ کے چکر لگا لگا کر تنگ آگیا۔ پولیس لیت ولعل سے کام لینے لگی۔ تفصیلات کے مطابق سوا سال قبل محلہ شیر آباد کے رہائشی غریب مزدور ساجد علی شاہ ولد خادم حسین شاہ کا موٹر سائیکل ٹھٹھہ کھوکھراں کے قریب سے نامعلوم چوری کر کے لے گئے جس پر پولیس نے مقدمہ تو درج کرلیا تاحال پولیس نہ تو ملزمان کا سراغ لگا سکی ہے اور نہ ہی موٹر سائیکل برآمد کر سکی ہے جس پر متاثرہ مزدور سے ڈی پی او سے اپنی موٹر سائیکل کی برآمدگی کا مطالبہ کیا ہے۔

انتقال پر ملا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے سابق صدر اور ضلع کی معروف کاروباری سماجی اور دینی شخصیت شیخ محمد صوبہ یہاں مسلم کالونی میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

دو مختلف حادثات میں 2 افراد زندگی کی بازی ہار گئے

عارفوالہ (راؤ ندیم سٹی رپورٹر) دو افراد جاں بحق عارف والا/ دو مختلف حادثات میں دو افراد زندگی کی بازی ہار گئے عارف والا/ پہلے واقع میں 347 ای بی میں نوجوان عاشق حسین ولد طفیل بستر میں سانپ کے ڈسنے سے دم توڑ گیا نوجوان سونے لگا تو اس کے بستر میں سانپ چھپا ہوا تھا جس نے اسے ڈس لیا۔ زرائع کے مطابق عارف والا/ دوسرے واقع میں اڈا فرید شاہ کے قریب صدیق نامی شخص بجلی کی تار سے کرنٹ لگنے سے دم توڑ گیا۔





اوپن ڈور پالیسی کے تحت تحصیل میونسپل آفس کلر کہار ضلع چکوال میں کھلی کچہری کا انعقاد

چکوال (ایم ایوب سلطانی) آر پی او راولپنڈی ہوئے شہریوں کے مسائل سن کر انکے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، کھلی کچہریاں عوام تک رسائی کا واحد ذریعہ ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کو انکی دہلیز پر فوری انصاف کی فراہمی اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔



ریجن بابر سرفراز الپا کا حکومت پنجاب کے وژن اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت تحصیل میونسپل آفس کلر کہار ضلع چکوال میں کھلی کچہری کا انعقاد، کھلی کچہری میں ڈی پی او چکوال سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے، آر پی او نے کھلی کچہری میں آئے

ایکسل لوڈ مینجمنٹ پلان پر عملدرآمد یقینی بنانے کے سلسلہ میں اجلاس

اجلاس میں تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی ایس پی ٹریفک، ریسکیور 1122، ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت ایکسل لوڈ مینجمنٹ پلان پر عملدرآمد یقینی بنانے کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ ایکسل لوڈ مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی ایس پی ٹریفک، ریسکیور 1122، ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایجنڈا مینجر اور سول ڈیفنس تفسیر کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس سے ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایکسل لوڈ مینجمنٹ کی خلاف ورزی کرنیوالے ٹرکوں، ٹرالوں اور مسافر گاڑیوں کی چھتوں پر سوار یاں بٹھانے والی گاڑیوں کے ڈرائیوارز کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سول ڈیفنس، ٹریفک پولیس اور ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنیوالی مسافر گاڑیوں کے خلاف مشترکہ کریک ڈاون کریں اور خلاف ورزی پر متعلقہ گاڑیوں کے مالکان کے خلاف نہ صرف ایف آئی آر درج کرائی جائیں بلکہ گاڑیوں سے سلنڈرز اتار کے انہیں موقع سر کار ضبط کرلیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ڈی ای کے نمائندہ کو ہدایت کی کہ ڈرائیور حضرات کو ایکسل لوڈ مینجمنٹ پلان سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے اور معلوماتی پمفلٹ نمایاں مقامات پر آویزاں کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اوور لوڈنگ رکشوں اور بسوں کی چھتوں پر سوار کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے، تمام ادارے کل سے ناجائز تجاوزات کے خاتمے، گیس سلنڈرز اور اوور لوڈنگ کے خلاف منڈی فیض آباد سے گرینڈ آپریشن کا آغاز کریں۔

پولیس نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا

مصطفیٰ آباد لیانی (نامہ نگار) پولیس نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا اور ان قبضہ سے 3 کلو سے زائد چرس اور 580 گرام افیون برآمد کر لی، پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر کاروائی کرتے ہوئے سرہالی روڈ مکہ سٹی کے قریب منشیات فروشی کرنے والے امین کے قبضہ سے 1460 گرام چرس اور 580 گرام افیون، روہی نالہ دفتوہ کے نزدیک ارسلان کے قبضہ سے 1080 گرام چرس، رمضان ٹاؤن کے قریب سلمان کے قبضہ سے 500 گرام چرس برآمد کر لی اور مذکورہ ملزمان کو پکڑ کر مقدمات درج کر لیے۔

مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ نانو کے عبدالمجید کی عدم موجودگی میں گھر کے تالے توڑ کر 21 لاکھ 70 ہزار روپے، 4 تولہ طلائی زیورات اور موبائل فون چوری دو چکے محمد اکرم کے گھر سے نقدی 47 ہزار روپے، دو عدد طلائی کڑے، دو جوڑی کانٹے، 4 انگوٹھیاں چوری دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر چونگی نمبر 8 پر محمد گلفام سے نقدی 10 ہزار روپے اور دو عدد موبائل فون چھین لئے نامعلوم ملزمان ستو کے محمد افضل کی گوشت مرغی کی دوکان کی پچھلی دیوار توڑ کر نقدی 32 ہزار روپے، کپوتر اور مرغیاں چوری کر کے لے گئے جنڈو کے گورائیہ محمد عارف کے گھر سے نقدی 5500 روپے، موبائل فون اور استری چوری سیدو کے عصمت اللہ کے گھر سے نقدی 50 ہزار روپے اور موبائل فون چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

شہری موٹر سائیکلوں اور رکشہ سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں شہری موٹر سائیکلوں اور رکشہ سے محروم اتفاق ہسپتال کے باہر سے محمد ارسلان کی موٹر سائیکل چوری عوامی روڈ سے نعیم فیصل کی گھر کے سامنے سے موٹر سائیکل چوری محلہ حاجی پورہ سے عبدالستار کی دوکان کے سامنے سے موٹر سائیکل چوری سندرانوالہ امام بارگاہ کے باہر سے محمد رمضان کی موٹر سائیکل چوری منڈیکی گوسائیہ رائس مل کے اندر سے سلیمان اختر کی موٹر سائیکل چوری ریلوے کے عریزوں کے گھر کے سامنے سے خلیل الرحمان گوندل کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

نواحی علاقہ اٹھ گھگھ میں ایک نوجوان لڑکی ن گارڈر سے لٹک کر خودکشی کر لی

ریسکیو ون ون ٹو ٹو کو فون ملایا گیا ہے ریسکیو کی ٹیم فوراً وہاں پہنچی تو اس سے پہلے اس کی لاش کو گارڈر سے اتار لیا گیا تھا



شورکوٹ (حاجی گلزار احمد جٹ نمائندہ قوت) نواحی علاقہ اٹھ گھگھ میں ایک نوجوان لڑکی ن گارڈر سے لٹک کر خودکشی کر لی تفصیلات کے مطابق شورکوٹ کے نواحی علاقہ اٹھ گھگھ میں ایک نوجوان لڑکی انصی بی بی دختر منظور احمد نے نامعلوم گھریلو وجوہات کی بنا پر گارڈر سے لٹک کر خودکشی کر لی گئی ریسکیو ون ون ٹو ٹو کو فون ملایا گیا ہے ریسکیو کی ٹیم فوراً وہاں پہنچی تو اس سے پہلے اس کی لاش کو گارڈر سے اتار لیا گیا تھا ریسکیو اہل کاروں نے میت کو ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ پہنچا دیا



مصطفیٰ آباد: دوہرے قتل کا مفرور اشتہاری 18 سال بعد گرفتار

مجرم اشتہاری کی گرفتاری پر ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں نے تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس کو شاباش دی



مصطفیٰ آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) دوہرے قتل کا مفرور اشتہاری 18 سال بعد گرفتار، ملزمان کی گرفتاری کیلئے ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد انجینئر حافظ تصدق حسین کھوکھر، ASI امجد فاروق اور اکبر جاوید پر مشتمل ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، مجرم اشتہاری کی گرفتاری پر ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں نے تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس کو شاباش دی اور نقد انعام کا اعلان کیا۔ ایس ایچ او انجینئر حافظ تصدق حسین کھوکھر نے بتایا کہ ملزم کامیاب کروائی کرتے ہوئے سال 2006 میں ستوکی میں اپنے دو مخالفین کو پرانی دشمنی کی بنا کر 8 ساتھیوں سمیت فائرنگ کر کے اللہ وسایا اور سرفراز کو قتل جبکہ تین افراد کو شدید زخمی کر دیا تھا، جس کا مقدمہ تھانہ مصطفیٰ آباد میں درج تھا، دوہرے قتل کے مقدمہ میں میر محمد کے رہائشی اشتہاری مفرور ملزم اسحاق کو گرفتار کر لیا، ڈی پی او قصور کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ملزم کی گرفتاری کیلئے ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد انجینئر حافظ تصدق حسین کھوکھر، ASI امجد فاروق اور اکبر جاوید پر مشتمل ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، مجرم اشتہاری کی گرفتاری پر ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں نے تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس کو شاباش دی۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

پولیس اور انٹیلیجنس اداروں کا مشترکہ کامیاب آپریشن غیر قانونی اسلحہ فروشوں کو بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا

**ڈی پی او کیپٹن ریٹائرڈ بلال افتخار کیانی کی قیادت میں قانون شکن

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں اس اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی بابت کسی اشتہار کے غیر ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تقریبات

تقریب 1

دورہ ولیاں ایس ایچ او پیٹرسن ظہیر شاہ جی ہمراہ تھانہ صدر کینٹ میں پی او ایز کے فنانس کے معاملے میں گزشتہ روز ایک پریس کانفرنس کی جس میں ایسوسی ایشن کے صدر ظہیر شاہ جی نے کہا کہ ہم نے ایسوسی ایشن کے فنانس کے معاملے میں ایف آئی آر کے اندراج کے لئے درخواست دی تھی جس پر ایف آئی آر درج کی گئی ہے

مت چوکو! ایک ماہ میں دو دفعہ پیٹرول بم چلا کر عوام کا معاشی قتل کیا ہے، ضیاالدین انصاری

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے مہنگائی کا طوفان آچکا ہے، مہنگائی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیخلاف جماعت اسلامی کا احتجاجی تحریک کا اعلان

پیٹرول، ڈیزل، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے سے غریب اور متوسط طبقہ بری طرح متاثر ہو رہا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی شدید الفاظ میں مذمت

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے پیٹرول کی قیمت میں 5 روپے 36 پیسے اور ڈیزل کی قیمت میں 11 روپے 37 پیسے کے ہوشربا اضافے کو عوام دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ایک ماہ میں دو دفعہ پیٹرول بم چلا کر عوام کا معاشی قتل کیا ہے۔ یہ فیصلہ سراسر عوام دشمن ہے اور غریب عوام کا معاشی قتل ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے مہنگائی کا طوفان آچکا ہے۔ حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے بجائے آئی ایم ایف کے ایجنڈے کی تکمیل میں مصروف ہے۔ لوگ دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہے ہیں جبکہ حکمران طبقہ مہنگائی کے تیر (بقیہ نمبر 15)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصور دی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان مشکل حالات سے نکل کر سمت درست پر گامزن، انتشار سے گریز کیا جائے، شہباز

میں نہ ماؤں کے گردان ملک کے مفاد میں نہیں، ڈی جی خان سے رکن اسمبلی احمد خان لغاری اور دیگر کی ملاقات

ملاقات میں ضلعی جنرل سیکرٹری ملک مصطفیٰ کندھویا اور سابق یونین کونسل چیئرمین ملک نذر حسین بھی موجود تھے

لاہور (خبر نگار) سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان مشکل حالات سے نکل کر درست سمت میں گامزن ہے اس لئے انتشار کی سیاست سے گریز کیا جائے، اپوزیشن کی جانب سے شدت تنقید کی بجائے میں نہ ماؤں کے گردان ملک کے مفاد میں نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے



لاہور شہری بارش سے بچنے کے لئے بس اسٹینڈ کی انتظار گاہ میں پناہ لیے ہوئے ہیں

پنجاب پولیس کا سگین جرائم میں پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرمان، عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور (خبر نگار) پنجاب پولیس کا سگین جرائم میں پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، جس کے تسلسل میں رواں سال کے دوران لاہور سمیت صوبے بھر سے 75 ہزار 694 اشتہاری مجرمان گرفتار کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گرفتار مجرمان میں اے کیٹگری کے 26 ہزار 280 اور بی کیٹگری کے 49 ہزار 414 اشتہاری مجرمان شامل ہیں۔ صوبہ بھر سے 31 ہزار 174 عدالتی مفروران بھی گرفتار کیے گئے۔ گرفتار عدالتی مفروروں میں اے کیٹگری کے 6782 اور بی کیٹگری کے 24 ہزار 392 عدالتی مفرور شامل (بقیہ نمبر 11)

ہرنبس پورہ میں آہنی پیٹی سے کرنٹ لگنے سے بہن بھائی جاں بحق

برف خانہ شاپ کے قریب 15 سالہ اویس اور 13 سالہ شفاء جان کی بازی ہار گئے

لاہور (نیوز ایجنسی) ہرنبس پورہ کے علاقے برف خانہ شاپ کے قریب آہنی سٹوساک واقعہ پیش آیا جہاں کرنٹ لگنے سے دو بچے جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق متوفی بچوں کی شناخت 15 سالہ اویس اور اس کی 13 سالہ بہن شفاء کے ناموں سے ہوئی ہے۔ اہل خانہ نے بتایا کہ دونوں بہن بھائی کو کرنٹ لگنے میں موجود بچوں کو پیٹی سے لگا، جس کے باعث دو موقع پر ہی دم توڑ گئے۔



حیدرآباد: طوفانی بارش کے بعد نیشنل بینک کے سامنے گرنے والا درخت سڑک پر پڑا ہوا ہے

ٹھوکر نیاز بیگ میں چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

مریدوال کا وہ گاؤں جس میں حال ہی میں تعمیر شدہ مکان کی چھت گرنے سے دو افراد زخمی

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور میں بارش کے باعث ٹھوکر نیاز بیگ کے علاقے مریدوال گاؤں میں ڈھسواک واقعہ پیش آیا، جہاں ایک مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے پانچ افراد جاں بحق اور دو زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق چھت گرنے کے نتیجے میں 60 سالہ راشدہ، 55 سالہ عشرت بی بی، 35 سالہ زاہرہ بی بی، 4 سالہ لیلیٰ اور 3 سالہ عدیہ جاں بحق ہوئیں جبکہ 30 سالہ فیصل اور 9 سالہ بیٹی شامل ہیں جنہیں فوری طور طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔

لاہور ایئرپورٹ کے کارگو ایریا میں آگ، لاکھوں کا سامان جل گیا

ایئرپورٹ شیڈ میں لگنے والی آگ پر ریسکیو نے ڈیڑھ گھنٹے میں قابو پایا، ذرائع

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور ایئرپورٹ کے کارگو ایریا میں ڈھسواک واقعہ پیش آیا، جہاں ایک مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے پانچ افراد جاں بحق اور دو زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق چھت گرنے کے نتیجے میں 60 سالہ راشدہ، 55 سالہ عشرت بی بی، 35 سالہ زاہرہ بی بی، 4 سالہ لیلیٰ اور 3 سالہ عدیہ جاں بحق ہوئیں جبکہ 30 سالہ فیصل اور 9 سالہ بیٹی شامل ہیں جنہیں فوری طور طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔

لاہور ہائیکورٹ: سلمان شہباز کیخلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم معطل

چیف جسٹس کا سشن کورٹ کے فیصلے کیخلاف درخواست پر پنجاب پراسیکیوشن ڈپارٹمنٹ سے 31 جولائی تک جواب طلب

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر اعظم شہباز شریف کے بیٹے سلمان شہباز کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے سیشن کورٹ کے حکم کو معطل کر دیا۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے ابتدائی سماعت کے بعد سیشن کورٹ کے حکم پر عملدرآمد روک دیا اور فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 31 جولائی تک جواب طلب کر لیا۔ یہ کیس کی ساعت جسٹس عالیہ نیلم نے کی، جبکہ سلمان شہباز کی جانب سے جاوید ارشد بھٹی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ سیشن کورٹ نے 10 جولائی کو قانون کے برخلاف فیصلہ دیا اور حقائق کا جائزہ لیے بغیر چیک ڈس آنر کی بنیاد پر مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کیے، جو کہ قانونی اور آئینی تقاضوں سے مطابقت نہیں رکھتے۔ درخواست میں عدالت سے دیگر استدعا کی گئی ہے کہ ایف آئی آر نمبر 784 کو کالعدم قرار دیا جائے اور ملزم کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی سے روکا جائے۔ عدالت نے درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے پراسیکیوشن ڈپارٹمنٹ سے 31 جولائی تک جواب طلب کر لیا۔

ڈپٹی کمشنر دفتر میں ای فائس سسٹم کا آغاز، پیپر لیس نظام کی طرف اہم قدم

ای فائس نظام سے وقت اور اخراجات کی بچت ہوگی، دفتری امور کو پروفیشنل طور پر چلایا جائے گا، ذرائع

لاہور (نیوز ایجنسی) ڈپٹی کمشنر دفتر میں ڈائریکٹر جنرل ای گورنمنٹ پنجاب ڈاکٹر عمر سیف کا دورہ، ای فائس نظام کا آغاز

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور میں مون سون کی بارشوں کے دوران بجلی کی آنکھ مچولی، رات بھر شہری مشکلات کا شکار رہے، بحالی جاری

لاہور (نیوز ایجنسی) شہر میں مسلسل بارش کے باعث بجلی کا ترسیلی نظام مکمل طور پر بحال نہ ہو سکا۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے 105 سے زائد فیڈرز سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی، جس کے باعث مختلف علاقوں میں بجلی کی آنکھ مچولی اور طویل بندش کا سلسلہ جاری رہا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق فیڈرز میں ٹرپنگ کی وجہ سے بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی۔ شہر کے کئی علاقوں میں رات سے بجلی غائب رہی، جس سے شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ خاص طور پر نشیبی علاقوں اور بارش سے متاثرہ مقامات پر بجلی کی بندش زیادہ دیر تک برقرار رہی۔ لیسکو چیف ریجن نے اس حوالے سے بیان دیتے ہوئے کہا کہ تمام افسران اور فیلڈ عملے کو متاثرہ علاقوں میں فوری بحالی کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

سلسل بارش سے لیسکو کے 105 فیڈرز ٹرپ، کئی علاقوں میں بجلی بند

بارش کے باعث بجلی کی آنکھ مچولی، رات بھر شہری مشکلات کا شکار رہے، بحالی جاری

لاہور (نیوز ایجنسی) شہر میں مسلسل بارش کے باعث بجلی کا ترسیلی نظام مکمل طور پر بحال نہ ہو سکا۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے 105 سے زائد فیڈرز سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی، جس کے باعث مختلف علاقوں میں بجلی کی آنکھ مچولی اور طویل بندش کا سلسلہ جاری رہا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق فیڈرز میں ٹرپنگ کی وجہ سے بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی۔ شہر کے کئی علاقوں میں رات سے بجلی غائب رہی، جس سے شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ خاص طور پر نشیبی علاقوں اور بارش سے متاثرہ مقامات پر بجلی کی بندش زیادہ دیر تک برقرار رہی۔ لیسکو چیف ریجن نے اس حوالے سے بیان دیتے ہوئے کہا کہ تمام افسران اور فیلڈ عملے کو متاثرہ علاقوں میں فوری بحالی کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

پی ایچ اے کا لاہور کینال کو خوشحبوار بنانے کا منصوبہ، گلاب کی شجر کاری مکمل

کینال کنارے 1 لاکھ گلاب کے پودے لگائے گئے، پھولوں سے سجی کشتیاں بھی شامل

لاہور (نیوز ایجنسی) پاکستان ٹیکسٹائل انسٹیٹیوٹ (پی ٹی آئی) نے لاہور کینال کو خوشحبوار بنانے کا منصوبہ شروع کر دیا ہے۔ اس کے تحت گلاب کی شجر کاری مکمل کر لی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی نے لاہور کینال کو مرحلہ وار خوشحبوار بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی ہے۔ منصوبے کے تحت کینال کے کنارے ایک لاکھ گلاب کے پودے لگائے گئے ہیں۔ شجر کاری کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ اس کے بعد کینال کنارے واک وے بنائے جائیں گے۔ ڈائریکٹر جنرل پی ٹی آئی ڈاکٹر عمر سیف نے کینال کنارے واک وے کا دورہ کیا اور شجر کاری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ کینال کنارے گلاب کے پودے لگانے کا مقصد شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ کینال کنارے گلاب کے پودے لگانے کا مقصد شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں